فیصل بینک

## عمومی شرائط جو اکاؤنٹ کو کھولنے اور استعمال کرنے پر نافذ العمل ہیں:

### تعریفات اور اختصارات:

یہ قواعد اور ضوابط عملی بینکنگ کے کوڈ پر مشتمل ہیں جو بذریعہ CPD 2015 کا سر کولر نمبر 2 جاری کیا گیا ہے۔

ان قواعد وضوابط میں استعمال کردہ مخصوص اور مخفف الفاظ کی تعریفات درج ذیل ہیں۔

"1 لنک" 1 لنک (گارنٹی) لمیٹڈ بڑے بینکوں کی ایک شرکت ہے، جو کہ پاکستان میں مشترکہ فنانشل سروسز نیٹ ورک رکھتی اور استعمال کرتی ہے۔ جس کے ذریعے کارڈ ہولڈر اپنے کارڈ کو استعمال کر سکتا ہے۔

"ایم - نیٹ" یہ پاکستان میں ایک اور مشترکہ فنانشل سروسز نیٹ ورک ہے جسکے ذریعہ سے کارڈ ہولڈر اپنے کارڈ کو استعمال کر سکتا ہے۔

"اکاؤنٹ" سے مراد پاکستانی روپے یا غیر ملکی کرنسی کا بینک اکاؤنٹ ہے جسکو کسٹمر بینک کے ساتھ استعمال کرتا ہو۔ تمام حوالہ جات میں واحد کا صیغہ جمع کو بھی شامل سمجھا جائیگا۔

"منظور شدہ فنانشل انسٹیٹیوشن (AFI)" AFI ریگولیشن کے مقصد کے لئے ہے۔ AFI بینکس اور مائیکروفنانس بینکس پر مشتمل ہے۔

"PSO" پےمنٹ سسٹم آپریٹر

"PSP" پےمنٹ سروس پرووائڈر

"اکاؤنٹ ہولڈر" سے مراد وہ شخص ہے جو بینک کے ایک یا زائد اکاؤنٹس کو استعمال کرتا ہو۔

"اکاؤنٹ کی معلومات" سے مراد بینک کے اکاؤنٹ سے متعلق معلومات ہیں جس کو کسٹمر استعمال کرتا ہو۔

"متبادل ذریعہ" سے مراد برانچ کے علاوہ کسٹمر کے لئے بینک سے رابطہ کے ذرائع ہیں جو ATM ، موبائل، انٹرنیٹ، POS، کال سینٹر، فون بینکنگ وغیرہ پر مشتمل ہے۔ مگر اس تک محدود نہیں، جن کے ذریعہ معاملات، ہدایات یا درخواستوں کی ادائیگی یا وصولی کی جا سکے۔

"اے ٹی ایم" سے مراد خودکار ٹیلر مشین ہے جسکو بینک، پاکستان اور یا بیرون ملک میں نصب اور استعمال کریگا۔ اور یا بینکوں کی خودکار ٹیلر مشینیں ہیں جو لنکڈ نیٹ ورک میں کام سرانجام دے رہی ہوں اور / یا پاکستان اور / یا بیرون ملک میں بینکوں یا فنانشل انسٹیٹیوشنز کی خودکار ٹیلر مشینیں ہیں جہاں کارڈ، قابل قبول ہو۔

"بینک" سے مراد فیصل بینک بشمول تمام وہ برانچز ہیں جو فیصل بینک کے نام سے بینکاری امور انجام دے رہی ہیں۔

"برانچ" فیصل بینک کا وہ مجاز آفس جہاں کسٹمرز کو بینکاری خدمات فراہم کی جائیں۔

"بینیفشری- فائدہ اٹھانے والا" سے مراد رقوم یا دیگر خدمات کا وصول کنندہ ہے جیسا کہ رقوم کو بھیجنے والے نے ہدایت دی ہو جو کہ اکاؤنٹ ہولڈر بھی ہو سکتا ہے۔

"کاروباری دن" سے مراد وہ دن ہے جس میں بینک کی متعلقہ شاخ، کمرشل بینکنگ بزنسز کی انجام دہی کے لئے کھلی ہو۔

"کارڈ" بینک کی طرف سے جاری شدہ فیصل اسلامک ڈیبٹ کارڈز کی تمام اقسام اور دیگر کسی اسلامک کارڈ کو مشتمل ہے جو کسی وقت بھی بینک کی طرف سے جاری کیا جا سکتا ہو۔ کارڈ کی اصطلاح سپلیمنٹری کارڈ کو بھی مشتمل ہے جو بینک کی طرف سے ایک سپلیمنٹری کارڈ ہولڈر کو یہاں شرائط کے مطابق جاری کیا گیا ہو۔ کارڈ دنیا بھر میں اے ٹی ایم ز اور پی او ایس مشینز پر استعمال کے لئے ویزا، چائنا یونین پے اور / یا پے پاک پیمنٹ اسکیمز / نیٹ ورکز میں سے کسی پر بھی فیصل اسلامک ڈیبٹ کارڈ کو شامل ہے (جہاں پاکستان میں صرف فیصل اسلامک پے پاک ڈیبٹ کارڈز قابل استعمال ہوں)۔

"کارڈ کا حامل" سے مراد ایک اکاؤنٹ ہولڈر ہے جو بینک کے ایک اکاؤنٹ کو استعمال کر رہا ہو اور اس کو کارڈ جاری کیا گیا ہو یا سپلیمنٹری کارڈ ہولڈر ہے۔

"کارڈ ٹرانزیکشن" سے مراد کوئی بھی ایسا معاملہ ہے جو بذریعہ کارڈ انجام دیا گیا ہو اور یہ بینک کی طرف سے یا دیگر بینکوں کی طرف سے اس معاملہ کو مؤثر بنانے کے لئے فیس کی کٹوتی کو بھی شامل ہے۔ مگر اسی میں محدود نہیں ہے۔

"سی ڈی ایم" سے مراد کیش ڈپازٹ مشین ہے۔

"چیرٹی فنڈ" سے مراد وہ فنڈ ہے جو فیصل بینک اسلامی بینکاری کی جانب سے چلایا جائے، جو اسلامی بینکاری ڈویژن کی جانب سے کسٹمرز سے وصول کی جانے والی عطیات کی رقوم پر مشتمل ہوتا ہے، یہ رقوم اور عطیات شرعی حکم کی بنیاد پر عطیات کے مقاصد کے لیے لاگو ہوتے ہیں۔

"کسٹمر / گاہک" سے مراد وہ شخص، فرد، کمپنی یا کوئی دوسرا ادارہ ہے جو بینک کے ایک یا زائد اکاؤنٹ کو استعمال کرے۔ اسکی دستاویزات میں کسٹمر کے تمام حوالہ جات میں مذکر کا صیغہ مؤنث کو بھی شامل ہو گا۔ تمام حوالہ جات میں مفرد لفظ جمع کو بھی شامل ہو گا۔

"کسٹمر ریلیشن شپ فارم" سے مراد بینک کا کسٹمر کے لئے اکاؤنٹ کھولنے کا فارم ہے، جس میں کسٹمر کو مطلوبہ معلومات فراہم کرنی ہونگی اور اکاؤنٹ کے کھولنے اور / یا کسٹمر کو خدمات کی فراہمی سے پہلے اسکو صحیح طور سے پُر کر کے بینک کو واپس کرنا ہو گا۔

"ڈزیگنیٹڈ یوٹیلٹی پرووائڈر" سے مراد ایسی سہولت کا فراہم کنندہ ہے جس نے بینک کو اسکے کسٹمر کے ڈیٹا بیس تک رسائی فراہم کی ہو، اس کے ذریعہ سے بینک کے لئے اپنے کسٹمرز کی طرف سے اسکو براہِ راست ادائیگیاں ممکن ہو رہی ہوں۔

"ڈراپ باکس" سے مراد بینک کی طرف سے کسٹمر کے لئے مخصوص کردہ ڈپازٹ بکس ہے جس میں کلیئرنگ / پروسیسنگ کے لئے چیک ڈپازٹ کئے جائیں۔

"ای-اسٹیٹمنٹ" اکاؤنٹ کی الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ سے مراد کسٹمر کے اکاؤنٹ کی میعادی اسٹیٹمنٹ ہے جو بینک کی طرف سے بذریعہ ای میل ارسال کی گئی ہو۔

"رقوم کی منتقلی" سے مراد بینک کے زیر انتظام ایک اکاؤنٹ سے دوسرے اکاؤنٹ میں رقوم کی منتقلی ہے جو بینک یا کسی دوسرے بینک کے زیر انتظام ہو۔

"انٹرنیٹ بینکنگ یا انٹرنیٹ بینکنگ سروس" سے مراد بینکنگ کی وہ خدمت ہے جس کی پیشکش بینک نے بذریعہ انٹرنیٹ کی ہو۔

"شعبہ اسلامک بینکنگ" سے مراد بینک کا شعبہ اسلامک بینکنگ ہے جس کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان (SBP) کے متعلقہ اصول اور ہدایات کے مطابق اسلامک بینکنگ کی خدمات فراہم کرنے کے مقصد سے قائم کیا گیا ہے، جیسی بھی ان میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کی جائے۔

"آئی وی آر" سے مراد Interactive Voice Response کا نظام ہے جو کی پیڈ کے استعمال کنندہ کے لئے مختلف ٹرانزیکشنز اور ہدایات کو انجام دینا ممکن بناتا ہے۔ اور اسکے مطابق جواب دیتا ہے۔

"لنکڈ اکاؤنٹ / اکاؤنٹس" سے ایک یا زائد مخصوص اکاؤنٹ مراد ہیں جو بینک سے کی جانے والی کسٹمر کی درخواست پر کارڈ، ڈیجی بینک، انٹرنیٹ بینکنگ یا متبادل ذریعہ سے فراہم کی جانے والی کسی دوسری سروس کے ساتھ مربوط ہو جائیں۔

"تاجر" سے مراد کوئی بھی ایسا شخص ہے جو سامان اور / یا خدمات اور / یا دیگر منفعتیں فراہم کر رہا ہو اور کارڈ کو ادائیگی کے ذریعہ کے طور پر قبول کرتا ہو۔

"ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ" سے مراد بینکنگ کی سہولت ہو گی جو موبائل فون کے استعمال کے ذریعہ کسٹمرز کو مہیا کی گئی ہو۔

"موبائل فون نمبر" سے مراد موبائل کا نمبر لیا جائے گا جو بینکنگ کی کسی بھی سروس کے لئے کسٹمر نے رجسٹر کروایا ہو۔ یہ نمبر وقتاً فوقتاً کسٹمر کی درخواست پر تبدیل کیا جاسکے گا۔

"مضاربہ" سے شرکت کی ایک قسم مراد ہے۔ جس میں فیصل اسلامک بینکنگ، مضارب (رقوم کا انتظام کنندہ) اور کسٹمر "رب المال" (رقوم کا مالک) ہے۔ بینک، مضارب ہونے کی حیثیت سے خالصتاً اپنی صوابدید پر کسٹمرز کی رقوم کو شریعت کے مطابق طریقہ کار مثلاً اجارہ، مرابحہ، مشارکہ وغیرہ میں خرچ کرنے یا نہ کرنے کا اختیار رکھے گا۔ ڈپازٹ پر منافع کی شرح کی تعیین، "شریعہ" سے منظور شدہ اوزان کے ذریعہ، حساب کتاب کے طریقہ کار سے کی جائیگی جسکا اعلان ہر شمسی مہینے کی ابتداء میں کر دیا جائیگا اور صرف اسی مہینہ پر نافذ العمل ہو گا۔ ڈپازیٹرز اس نفع میں شریک ہونگے جو شریعت کے مطابق مختلف طریقہائے کاروبار میں سرمایہ کاری کے ذریعہ حاصل ہو گا۔ کسی نقصان کے ہونے کی صورت میں ہر ڈپازیٹرز انویسٹمنٹ میں اپنے حصہ کے بقدر نقصان کو برداشت کریگا۔

"مضارب" سے مراد مضاربہ کے معاہدہ کے تحت عمل کو انجام دینے والا شریک / رقوم کا انتظام کنندہ ہے جو یہاں پر شعبہ فیصل بینک ہے۔

"فون بینکنگ" سے مراد بینک کے کسی یونٹ کی جانب سے پیش کردہ بینکنگ کی خدمات ہیں۔ جن تک مختلف معاملات کو انجام دینے اور اکاؤنٹ ہولڈر سے ہدایات وصول کرنے کے لئے بذریعہ فون رسائی حاصل کرنا ممکن ہو۔ یہ IVR کے ذریعہ پیش کردہ خدمات کو بھی شامل ہے۔

"ادائیگیاں" سے مراد کسٹمر کی طرف سے کوئی بھی ادائیگی لی جائے گی جو وہ اپنے اکاؤنٹ / اکاؤنٹس سے کسی تیسرے فریق کے اکاؤنٹس میں رقوم کو منتقل کرکے یابل کی ادائیگیوں کے لئے کریگا۔ بینک خالصتاً اپنی قطعی صوابدید پر اس سہولت کو صرف مخصوص، مجاز کسٹمرز تک محدود کرسکے گا یا اسکو وقتاً فوقتاً مجموعی طور سے تمام کسٹمرز تک بڑھا سکے گا۔

"ذاتی معلومات" سے فیصل بینک کو کسٹمر کی جانب سے فراہم کی جانے والی معلومات مراد ہیں۔

"پن" سے خفیہ ذاتی شناختی نمبر مراد ہے جو بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈرز کو فراہم کیا گیا ہو۔ یا کارڈ ہولڈرز نے وقتاً فوقتاً خود منتخب کیا ہو۔ PIN کی اصطلاح ، ٹرانزیکشن (T-PIN) ، موبائل (M-PIN) اور ون ٹائم پاس ورڈ OTP-PIN کو شامل ہے۔

"ڈاک" سے کسٹمر کو اسٹیٹمنٹ، ہدایات یا کسٹمر کسی بھی دستاویزات ارسال کرنے کا کوئی بھی ذریعہ مراد ہے۔

"قرض" بینک ڈیپازٹر کی رقم واپس کرنے کا پابند ہے۔ اگر چہ بینک شرعی اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری اور دیگر مقاصد کے لئے فنڈز کا استعمال کرسکتا ہے، لیکن اکاؤنٹ ہولڈرز بینک کے کسی بھی فائدے اور نقصان کے حصے دار نہیں ہوں گے۔

"رب المال" سے مراد سرمایہ کار / راس المال کا مالک ہے جو مضاربہ کے معاہدات میں لگایا جارہا ہے۔

"ریذیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر" سے مراد وہ ایڈوائزر ہے جسکا تقرر بینک (RSMB) نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کیا ہو اور جو بینک کے شریعہ بورڈ کا ایک ممبر ہو۔

"شریعہ بورڈ" سے مراد ممبرز کا ایک بورڈ ہے جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق بینک کے اسلامک بینکنگ کے آپریشنز کی نگرانی اور دیکھ بھال کے لئے بینک نے قائم کیا ہو۔

"شریعہ" سے مراد ریزیڈنٹ شریعہ بورڈ ممبر (RSBM) / چیئرمین شریعہ بورڈ / شریعہ بورڈ ہے۔

"ایس بی پی" سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان مراد ہے۔

"ایس ایم ایس" سے مراد شارٹ میسج سروس ہے جس میں GSM / TDMA ٹیلی کمیونیکیشنز سسٹم کے ذریعہ ، الفاظ ، نمبرز (Alpha Numeric) پر مبنی پیغامات کی اسٹور یج، راؤنڈنگ اور فراہمی شامل ہے۔

"ٹیلکو" سے مراد سیلولر فون کمپنی ہے جس نے کسٹمرز کو موبائل فون بینکنگ کی سہولیات مہیا کرنے کے مقصد سے بینک سے ساتھ معاہدہ کیا ہو۔

"شرائط" سے مراد یہاں درج کئے گئے شرائط وضوابط ہیں۔

"پی او ایس یا پی او ایس ٹرمینلز" سے مراد مرچنٹ سروس / ریٹیل آؤٹ لیٹس پر موجود سیلز الیکٹرونک ٹرمینلز کا مقام ہے جو کارڈ ہولڈر کو کارڈ کے استعمال کے قابل بناتا ہے تاکہ وہ خریداری کے لئے بینک کے پاس موجود اکاؤنٹ یا لنکڈ اکاؤنٹس میں موجود رقوم تک رسائی حاصل کرسکے۔

"سپلیمنٹری کارڈ ہولڈر" سے مراد وہ شخص ہے جس کو اکاؤنٹ ہولڈر کی درخواست پر بینک نے سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا ہو۔

"انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹ" سے مراد اسلامک انویسٹمنٹ کا سرٹیفکیٹ ہے جیسا کہ " فیصل اسلامک انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹ، اسلامک ماہوار انکم سرٹیفکیٹس یا دیگر کوئی اسلامک انویسٹمنٹس سرٹیفکیٹس جن کو وقتاً فوقتاً بینک نے جاری کیا ہو۔

"ماسٹرکارڈ" سے مراد ATMs اور POS مشینوں کے لئے عالمی سطح پر سروس فراہم کرنے والا نیٹ ورک ہے۔ جہاں پر کارڈ ہولڈر ATM/POS سروسز کو استعمال کر سکتا ہے۔

"ویٹ ایجز" سے مراد منافع کی تقسیم کی درجہ بندی ہے جس میں ڈپازٹس کی مختلف اقسام جس میں ان کے طریقہ کار/ مثلاً مدت، رقم اور منافع کی ادائیگی کا طریقہ اور اہلیت شامل ہوتے ہیں۔ ان ویٹ ایجز کا اعلان مدت کے آغاز سے کم از کم تین دن قبل ہوتا ہے اور مدت کے دوران ان میں تبدیلی نہیں ہوتی۔

"واٹس ایپ بینکاری" فیصل اسلامی واٹس ایپ بینکاری کے ذریعے، صارفین اس کے اہل ہوتے ہیں کہ اپنے متعلقہ اکاؤنٹس کے استعمال سے اپنی مالی اور غیر مالی ٹرانزیکشنز انجام دے سکیں۔

فیصل بینک لمیٹڈ (بینک) کی جانب سے وقتاً فوقتاً مجھے/ ہمیں، ہماری درخواست پر فراہم کی جانی والی بینکاری خدمات کے حوالے سے، میں/ ہم اقرار کرتے ہیں کہ میرے/ ہمارے اکاؤنٹس، اکاؤنٹ اوپننگ فارم اور دیگر متعلقہ اکاؤنٹس کے دستاویزات میں درج میرے/ ہمارے اوپر لاگو ہونے والی شرائط قبول ہیں۔

1. بینک اپنے پاس موجود رقوم کو کسی بھی شریعہ کمپلائنٹ ڈپازیٹری یا ڈپازٹریس یا انویسٹمنٹ میں لگا سکتا ہے۔

2. میں/ ہم اتفاق کرتے ہیں کہ بینک کی جانب سے متعارف کردہ/ پروڈکٹ کے خصوصی فیچرز عمومی طور سے بینک کے کسی یا تمام اکاؤنٹس اور یا فیسیلٹیز پر نافذ نہیں ہوتے اور نہ ہی میں/ ہم سے کوئی قانونی یا تجارتی بنیاد پر بینک کو پابند کرنے کا حقدار ہے کہ یہ اضافی سہولیات میرے/ ہمارے اکاؤنٹ کو بھی فراہم کرے۔ بینک کی نئی متعارف کردہ پروڈکٹ کے خصوصی فیچرز اس مخصوص اکاؤنٹ/ پروڈکٹ کی شرائط وضوابط کا حصہ شمار کئے جائیں گے۔ اگر نئی متعارف کردہ پروڈکٹ کے خصوصی فیچرز میں سے کوئی تمام اکاؤنٹس پر نافذ العمل عمومی شرائط وضوابط کے خلاف ثابت ہو تو خصوصی فیچرز کو اس پر فوقیت ہوگی گویا کہ یہ بھی اس مخصوص اکاؤنٹ یا فیسیلٹی کی شرائط کا حصہ تھیں۔ دیگر شرائط اور ضوابط برقرار رہیں گے۔

3. بینک اپنی صوابدید پر کسی بھی وقت یا وقتاً فوقتاً تمام اکاؤنٹس پر استحقاق (Lien) کا دعویٰ کر سکتا ہے۔ اور یا منجمد کر سکتا ہے، جس میں میں/ ہم دستخط کنندہ بھی ہیں اور ایسے کسی اکاؤنٹ میں دستیاب رقوم کو کسی دوسرے اکاؤنٹ پر واجب الاداء اسلامک لائبلیٹی کی اتنی ہی رقم کے عوض بے باق کر سکتا ہے۔

میں/ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ بینک اپنی انٹرنل پالیسی اور ریگولیٹری تقاضوں کے مطابق اکاؤنٹ کھولنے کی درخواست کو مسترد کرنے کا پورا اختیار رکھتا ہے، جیسے بھی بینک مناسب سمجھے اور بینک کی جانب سے کیا گیا فیصلہ بغیر کسی اعتراض کے قابل قبول اور حتمی ہوگا۔

4. میں/ ہم ضمانت دیتے ہیں کہ اکاؤنٹ کا ٹائٹل میرے/ ہمارے نام پر یا کاروبار کے نام پر ہے جسکا میں تنہا مالک/ شریک/ ڈائریکٹر ہوں" جب تک کہ میں/ ہم اس کے برعکس تحریری نوٹس نہ دیں" آپکو اختیار دیتا ہوں کہ اس اکاؤنٹ سے متعلق تمام چیکس، ڈرافٹس، اور آرڈر کی ادائیگی کریں، تمام بل قبول کریں اور تمام نوٹس کی تعمیل کریں جبکہ اس پر میرے/ ہمارے دستخط ہوں یا تصدیق شدہ ہو، بشرطیکہ یہاں اکاؤنٹ میں مناسب رقم موجود ہو۔

5. میں/ ہم متفق ہیں کہ بینک صرف اس رقم کی ادائیگی کا پابند ہوگا جو وقتاً فوقتاً میرے لئے قابل ادائیگی ہوگی جو اسی کرنسی میں اس برانچ سے کی جائیگی جہاں پر اکاؤنٹ موجود ہے۔ بینک اسکا ذمہ دار نہیں ہوگا کہ مجھے کسی اور قابل ادا طریقے سے رقم کی دائیگی کرے، خواہ وہ کسی دوسری کرنسی میں ہو یا کسی دوسری برانچ سے کی جائے۔ بینک مندرجہ رقوم کی عدم دستیابی اور اس پر کسی نفع کی ادائیگی کا ان حالات میں ذمہ دار نہیں ہوگا جو قابو سے باہر ہوں اور ایسے حالات میں بینک کا ہیڈ آفس یا کوئی بھی برانچ، بینک کا ذیلی یا منسلک ادارہ بھی اسکا ذمہ دار نہ ہوگا۔

6. میں/ہم اقرار کرتے ہیں کہ بینک کی جانب سے پوسٹ اور کسی برقی ذریعہ سے بھیجے جانے والے نوٹس یا خطوط جو ہمارے رجسٹرڈ ایڈریس/ای میل ایڈریس پر بھیجے گئے جا بھیجے جائیں گے وہ میری/ہماری طرف سے وصول شدہ تصور ہوں گے چاہے وہ کسی عام پوسٹل سروس سے بھیجے گئے ہوں۔

7. میں / ہم متفق ہیں کہ میری / ہماری کوئی بھی یا تمام رقوم جو مجھ سے / ہم سے متعلق ہوں یا متعلق معلوم ہوتی ہوں جو محدود کئے بغیر مشتمل ہے کسی بھی یا تمام فنانسز کے نفع اور / یا ڈسکاؤنٹس کو جو بینک کر سکتا ہو یا میرے / ہم سے کسی یا ہم سب کے اکاؤنٹ کو جو کسی وقت بھی بینک کے قبضہ میں آسکتا ہو ڈپازٹ کیا جا سکتا ہو، اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر دیں۔

8. مشترکہ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں درج ذیل شرائط منجملہ دیگر شرائط کے ساتھ نافذ العمل ہونگی۔

a. کہ ہم میں سے ہر ایک ہم میں سے ہر دوسرے کو مجاز بناتا ہے کہ (I) توثیق کرے اور اکاؤنٹ میں کریڈٹ جمع کرانے کے لیے کوئی ایک یا تمام چیکس، ڈرافٹس، نوٹس اور دیگر رقم کی ادائیگی کے دستاویز جمع کرائے جو قابل ادا ہوں یا رقم کی ہونے والی ادائیگی کے لیے ہوں یا ہم میں سے کسی کے متعلق ہوں، اس میں بینک کی جانب سے کسی توثیق کے بغیر وصول کی جانے والی ادائیگی کی رسید کی صورت میں بھی اکاؤنٹ میں ادائیگی کی ہدایات نہ ہونے پر بھی مجاز تصور ہوں گی۔(ii) بینک کو کسی چیک یا ادائیگی کی رسید کے حوالے سے ادائیگی روکنے کی ہدایات جاری کرنا جو متعلقہ اکاؤنٹ سے نکالے جانے کے لیے ہوں۔

b. کہ مشترکہ دستخطوں سے چلائے جانے کی صورت میں بینک ہم میں سے کسی کی بھی ہدایات پر عملدرآمد کر سکتا ہے جب تک کہ ہماری طرف سے اسکے برعکس تحریری ہدایات نہ دی جائیں۔ جہاں کہ اکاؤنٹ کو ایک دستخط کنندہ استعمال کرتا ہو اگر کسی ایک دستخط کنندہ کی ہدایات پر عملدرآمد سے پہلے بینک دوسرے دستخط کنندہ کی طرف سے برعکس ہدایات موصول کرتا ہے تو بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر تمام دستخط کنندگان کی ہدایات پر عملدرآمد کر سکتا ہے۔ اس بات سے قطع نظر کہ متعلقہ موجودہ اختیار یا مخصوص ہدایات اس کے علاوہ ہیں۔

c. ہم میں سے کسی کی وفات کی صورت میں بینک وقتاً فوقتاً عملدرآمد کو مجاز دستخط کنندہ پر اعتماد کرتے ہوئے جاری رکھ سکتا ہے جب تک کہ بینک، وفات کا نوٹس ہم سے کسی ایک سے یا کسی ایک کی طرف سے وصول نہ کر لے اور ایک ڈیتھ سرٹیفکیٹ مجاز عوامی عہدہ دار کی طرف سے جاری ہو جائے یا قابل اطمینان شہادت بینک کو فراہم کر دی جائے۔ ہم سے کسی ایک کی وفات ثابت ہونے کی صورت میں بینک اکاؤنٹ میں موجود باقی ماندہ رقم کو ہم پسماندگان کی ملکیت شمار کریگا۔

9. بینک کو اختیار ہے کہ کسی بھی لاگت، اخراجات، ڈیوٹیز، ٹیکسز، لیویز کو ہمارے اکاؤنٹ سے وصول کر لے جیسے بھی وقتاً فوقتاً لاگو ہوں، عائد کئے جائیں اور یا کسی معاملہ یا مجھ سے / ہم سے متعلق ہونے کی وجہ سے بینک نے ادا کئے ہوں۔

10. بینک کسی رقم کو اکاؤنٹ سے وصول کر سکے گا جو بینک کو واجب الاداء ہو، خواہ ایسا کاؤنٹ فی الوقت کریڈٹ میں ہو یا اوورڈرا (overdrawn) ہو یا ایسی وصولی کی صورت میں اوورڈرا (overdrawn) ہو سکتا ہو۔ ایسی کسی وصولی کے نتیجہ میں اوورڈرا (overdrawn) ہونے کی صورت میں، میں / ہم متفق ہیں کہ بینک کو اوورڈرا رقم کی ادائیگی ایسی وصولی سے تین دن کے اندر کر دی جائیگی۔ جس پر کوئی چارجز، نفع وصول نہیں

کیا جائیگا۔

11. میں / ہم تمام چیکس ، آرڈرز، بلز، نوٹس ، قابل انتقال انسٹرومنٹس اوروصولی کی رسیدوں یاہمارے اکاؤنٹ میں ڈپازٹ کروائے گئے دیگر انسٹرومنٹس پر موجود انڈورسمنٹ کے اصلی، صحیح اور مؤثر ہونے کی پوری ذمہ داری لیتے ہیں۔

12. بینک کی جانب سے شرعی رہنمائی کے مطابق وقتاً فوقتاً اعلان کردہ نفع کی ادائیگی اور شرح جیسا کہ کہ "شریعہ" کی طرف سے ہدایت کی جائے اور سیونگ اکاؤنٹس پر قابل ادائیگی ہو،، میرے / ہمارے لئے حتمی اور پابند کرنے والی ہوگی۔

13. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک، پاکستان کے اینٹی لانڈرنگ کے قوانین وضوابط اور بینک کی اندرونی پالیسی کا پابند ہے۔ میں / ہم متفق ہیں کہ ایسے قوانین، قواعد اور پالیسی کی تعمیل کے لئے میں / ہم مقامی کرنسی، اسی طرح غیر ملکی کرنسی کے اکاؤنٹس میں ٹرانزیکشنز کے حوالے سے بینک کو مطلوبہ کوئی بھی معلومات فراہم کرینگے اور بینک کو اختیار دیتے ہیں کہ ان معلومات کو کسی سرکاری تفتیشی ایجنسی کو پاکستان یابیرون ملک میں فراہم کرے اور / یا جیسا بھی قانون کا تقاضہ ہو۔

14. 12 ماہ سے غیر فعال اکاؤنٹ کو معطل قرار دیا جائے گا اوراس کی بحالی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے روایتی طریقہ کار کے مطابق درخواست پر ہوگی اوراس میں اکاؤنٹ ہولڈر کو خود آکر درخواست دینے کی صورت بھی واقع ہوسکتی ہے۔

15. ڈپازٹس یاانسٹرومنٹس یاقیمتی اشیاء لاوارث سمجھی جائینگی (ماسوائے نابالغ کے حق میں رکھے گئے ڈپازٹس، گورنمنٹ اور عدالتی ڈپازٹس کے) جن کے بارے میں گزشتہ دس سالوں سے کوئی ٹرانزیکشن نہ کی گئی ہو، نہ ہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی درخواست کی گئی ہو۔ نہ ہی کوئی اعتراف کیا گیا ہو اور بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کی شق 31 کے تحت اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے پاس جمع کروادیئے جائیں گے۔

## مندرجہ ذیل پر نافذ العمل اضافی شرائط

### مشترکہ اکاؤنٹ

16. اگر اکاؤنٹ دو یازائد افراد کے نام پر کھولا گیا ہے تو اس میں کسی وقت بھی کریڈٹ کیا گیا بیلنس ان سب کسٹمرز کا مشترکہ ہو گا۔ ایسے افراد مشترکہ طور سے اورانفرادی طور سے اس اکاؤنٹ اور سروسز پر عائد تمام اخراجات کے ذمہ دار ہونگے۔

17. ایسی صورت میں کہ اکاؤنٹ کے استعمال میں ایک دستخط کنندہ بااختیار ہو، وہاں کسی بھی کسٹمر کی زبانی یاتحریری ہدایات کی قبولیت بینک کی صوابدید پر منحصر ہوگی اور دیگر کسٹمرز کو پابند کرنے والی ہوگی۔ اگر ایسا اکاؤنٹ مشترکہ دستخطوں کے ذریعہ استعمال کیا جارہا ہے تو کسی ایک یازائد جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی زبانی ہدایت قابل قبول نہیں ہوگی جب تک کہ تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کی طرف سے تحریری طور پر پہلے سے اختیار نہ دیا گیا ہو۔

18. کہ مشترکہ اکاؤنٹس ہونے کی صورت میں درج ذیل شرائط کا اطلاق ہوگا:

a. ہر دستخط کنندہ کے بارے میں تصور کیا جائیگا کہ اس نے دیگر کو اختیار دے دیا ہے اور مجاز بنادیا ہے کہ،

i. ایسے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کے لئے کسی یا تمام چیکس، ڈرافٹس، نوٹس کو انڈورس کرے اورڈپازٹ کروائے یادیگر انسٹرومنٹس

کے ساتھ ایسا کرے جو واجب الاداء رقم کی ادائیگی کے لئے ہوں یا کسی ایک یا دونوں کسٹمرز سے متعلق متصور ہوتے ہوں اور ایسا کوئی انسٹرومنٹ / انٹرومنٹس بینک کو موصول ہونے کی صورت میں جو تصدیق شدہ نہ ہوں تو برعکس ہدایات نہ ہونے کی صورت میں بینک کو اختیار ہوگا کہ انکو کسٹمرز کی طرف سے انڈورس کرے اور اسے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کے لئے ڈپازٹ کردے۔

ii. کسٹمر کے کسی آرڈر کو جاری کرے کہ یہاں اسے اکاؤنٹ کے بالمقابل وصول کیا جاسکے گا۔

b. خواہ کسی ایک یا تمام کسٹمرز کی موت واقع ہو جائے یا نہیں، بہر حال بینک وقتاً فوقتاً عمل درآمد کو مجاز دستخط کنندہ پر اعتماد کرتے ہوئے جاری رکھ سکتا ہے جب تک کہ بینک کو کوئی تحریری نوٹس موصول نہ ہو جائے جو کسٹمرز کی طرف سے یا ان میں سے کسی ایک کی طرف سے ہو کہ یہ قانون پر عملدرآمد یا کسی اور طریقہ سے ختم یا منسوخ کردی گئی ہے۔ اسی طرح کسی بھی کسٹمر کی وفات کی صورت میں بوقت وفات ایسے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کے لئے ڈپازٹ کی گئی رقم بقیہ افراد کی ہوگی اور بینک اسی انداز میں اسکو نمٹا سکتا ہے۔

c. ہم آپ کو اختیار دیتے ہیں کہ بینک اس اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کرتے ہوئے تمام چیکس، ڈرافٹس اور آرڈرز، تمام منظور شدہ بلز اور ہماری طرف سے دستخط شدہ / تصدیق شدہ (خواہ، تنہا / سب اکاؤنٹ کو چلاتے ہوں) تمام نوٹس کی ادائیگی کردے، تاوقتیکہ ہم میں سے کسی ایک کی طرف سے (جبکہ اکاؤنٹ کو دونوں میں کوئی ایک یا باقی رہنے والا شخص چلا سکتا ہو) یا دونوں / ہم سب کی طرف سے (جبکہ اکاؤنٹ سب کے دستخطوں سے چلتا ہو) برعکس تحریری نوٹس موصول نہ ہو، بینک کو اختیار ہے کہ میں / ہم سے بقیہ افراد کو یا انکے قانونی نمائندگان کو کسی بھی رقم، سیکیورٹیز یا ہمارے مشترکہ اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں موجود یا بینک کے پاس ہمارے لئے رکھی گئی جائیداد کی ادائیگی یا منتقلی کردے۔

19. تنہا دستخط کنندہ کے اختیار کے تحت کھولے گئے اکاؤنٹ کی صورت میں اگر مجاز دستخط کنندہ کی ہدایات پر عملدرآمد سے پہلے بینک کو دوسرے کسی دستخط کنندہ کی طرف سے اس کے برعکس ہدایات موصول ہوجائیں تو بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر تمام دستخط کنندگان کی ہدایات پر عملدرآمد کرسکتا ہے، اس سے قطع نظر کہ کوئی بھی متعلقہ سابقہ اختیار یا ہدایات اسکے علاوہ کی وضاحت کررہی ہیں۔

## غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ

20. میں / ہم واقف ہیں کہ غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ کا بندوبست اور اسمیں ہونے والی تمام طرح کی ٹرانزیکشنز، ایکسچینج کنٹرول کے قواعد اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات اور ان میں وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترمیمات کے مطابق ہونگی۔ ہم واقف اور متفق ہیں کہ اگر تبدل پذیری یا منتقلی کی اہلیت پر کوئی پابندی عائد ہو اور / یا قابل ضبطی، قرقی، مطالبہ، قومیانے یا کوئی اور کاروائی اسٹیٹ بینک آف پاکستان، حکومت پاکستان اور / دیگر سرکاری ایجنسی کی طرف سے بینک کے خلاف کی جائے تو بینک میرا / ہمارا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی میں / ہم بینک کے خلاف کسی قسم کا دعویٰ کریں گے۔

21. مندرجہ بالا سے مشروط بینک غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹ سے متعلق اپنی ذمہ داریاں صرف اپنی اس برانچ کے ذریعہ انجام دے گا جہاں اکاؤنٹ رکھا گیا ہے یا پاکستان میں بینک کے رجسٹرڈ شدہ دفتر سے انجام دے گا۔ بینک ان ذمہ داریوں کو اپنی تمام برانچوں / شریک / ملحقہ اداروں / کمپنیوں یا پاکستان سے باہر ہولڈنگ کمپنیوں کے ذریعہ نمٹانے یا انجام دینے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

22. اکاؤنٹ سے رقم نکلوانا صرف چیکس یا بینک کے ڈرافٹس کے ذریعہ ہو گا یا میری / ہماری تحریری درخواست پر ٹیلی گرافک ٹرانسفر کے ذریعہ ہو گا یا معتمد تار (Authenticate Cable) یا کارڈ، انٹرنیٹ بینکنگ، فون بینکنگ، فیصل ڈیجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ یا کسی اور متبادل چینل کے ذریعہ ہو گا جیسا کہ وقتاً فوقتاً میری / ہماری جانب سے اختیار دیا گیا ہو۔ مرکزی دفتر اور دیگر برانچز کی کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی کہ اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں موجود رقم کی ادائیگی کریں۔ بینک کی طرف سے وہ برانچ ادائیگی کا واحد مقام ہو گی جہاں اکاؤنٹ کھولا گیا ہے۔ اگر آن لائن ادائیگی کا سسٹم کام نہ کر رہا ہو تو یہ درخواست چیک کی صورت میں بینک سے کی جاسکے گی بشرطیکہ ایسے ہر چیک واضح طور سے درج ہو کہ "اکاؤنٹ کی کرنسی میں، سائٹ ڈرافٹ کے ذریعہ قابل ادائیگی"۔ کوئی بھی اسٹیمپ، ٹرانسمیشن یا دیگر چارجز جو اکاؤنٹ سے رقم نکلوانے پر عائد ہونگے اسکو میں / ہم مطالبہ پر ادا کریں گے۔

23. بینک مجھے / ہمیں کسی نقصان کی ادائیگی کا ذمہ دار نہیں ہو گا جو تاجر کی وجہ سے یا اکاؤنٹ کے کریڈٹ میں موجود رقوم کی قدر میں کمی کی وجہ سے ہو۔ خواہ اس میں کمی کی وجہ سے یا ایکسچینج ریٹ میں اتار چڑھاؤ کی وجہ سے یا اسکے علاوہ کوئی وجہ ہو یا ایسے فنڈز کی عدم دستیابی کی وجہ سے ہو کیونکہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے فی الوقت غیر ملکی کرنسی کی فروخت سے انکار کر دیا ہو جو کہ رقم نکلوانے کی درخواست پر عملدرآمد کے لئے ضروری ہو یا رقوم کے نکلوانے پر یا تبدل پذیری پر یا منتقل کرنے کی قابلیت پر پابندی عائد ہو گئی ہو یا لازمی ٹرانسفرز کی ضرورت کی وجہ سے ہو یا کسی کاروائی، جنگ، شہری فساد، فوجی کاروائی، اقتدار پر قبضہ یا دوسری کسی ایسی وجہ سے ہو جو بینک کے قابو سے باہر ہو اور ایسے حالات میں مرکزی دفتر یا کوئی بھی برانچ، بینک کا ذیلی یا متعلقہ ادارہ اسکا ذمہ دار نہ ہو گا۔

24. میں / ہم متفق ہیں کہ اکاؤنٹ، ڈپازٹ یا کسی فنڈ کی گرانٹ، اسکی ادائیگی اور اس پر کسی قسم کا نفع ان قوانین سے مشروط ہیں جو بینک کی اس برانچ پر وقتاً فوقتاً نافذ ہوں جہاں اکاؤنٹ کھولا گیا ہے جو کہ بینک کا آن لائن سسٹم فعال نہ ہونے کی صورت میں رقم کی ادائیگی کا واحد مقام ہے۔ کوئی بھی رقم یا نفع جو یہاں اس برانچ پر واجب الاداء ہو گا اسکی ادائیگی صرف اکاؤنٹ کی کرنسی میں کی جائیگی۔

25. غیر ملکی کرنسی، کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹ اور انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹس، US ڈالرز، پاؤنڈز اسٹرلنگ، یورو، جاپانیز ین اور دیگر کرنسیوں میں کھولے جاسکتے ہیں جیسا کہ بینک متعین کریگا، اور جیسا کہ SBP اور / یا وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہونے والے ملکی قواعد اسکی اجازت دینگے، بینک اپنا یہ اختیار محفوظ رکھتا ہے کہ غیر ملکی کرنسی کی نقد ٹرانزیکشنز کو ایک یا زائد کرنسیوں میں کسی بھی وقت کوئی وجہ بیان کئے بغیر مسترد کر دے۔

## پروپرائٹر شپ کے اکاؤنٹس

26. میں متفق ہوں کہ جب تک کہ میں برعکس تحریری نوٹس نہ دوں، بینک تمام چیکس یا دیگر آرڈرز کو منظور کر سکتا ہے جو ان اکاؤنٹس پر بنائے جائیں جو بینک کھول چکا ہے / ملکیت کے نام پر کھولنے والا ہے، یا منظور شدہ بلوں یا نوٹس یا قابل انتقال انسٹرومنٹس کو قبول کر سکتا ہے جو ملکیت کی جانب سے پیش کئے جائیں بشرطیکہ ایسے تمام چیکس، آرڈرز، بلز، نوٹس یا قابل انتقال انسٹرومنٹس پر میں نے دستخط کئے ہوں اور میں درخواست کرتا ہوں اور بینک کو اختیار دیتا ہوں کہ ایسے چیکس، آرڈرز، بلز، نوٹس یا قابل انتقال انسٹرومنٹس کو اپنے پاس موجود ایسے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کرے۔

## شراکت داری اکاؤنٹس

27. ہم فرم کے شراکت دار، جن کے نام پر اکاؤنٹ / اکاؤنٹس کھولے گئے ہیں درخواست کرتے ہیں اور آپکو اختیار دیتے ہیں کہ آپ ہماری فرم کے

نام پر اکاؤنٹ کھولیں اور / یا اکاؤنٹس کا کھولنا جاری رکھیں، جب تک کہ ہم میں سے کسی کی طرف سے آپ کو برعکس تحریری نوٹس نہ دیا جائے، وصول شدہ چیکس یا منظور شدہ بلز یا نوٹس جو رقوم کی وصولی کی رسید کے لئے بنائے گئے ہوں، کو قبول کریں جو فرم کے لئے آپ کو ملے ہوں جس پر ہم میں سے کسی ایک یا ہمارے منیجر اور / یا آفیسر کے دستخط ہوں جسکو تحریری طور سے نامزد کیا گیا ہو، جن کے دستخط کے نمونے فراہم کر دیئے گئے ہوں اور ایسے چیکس، آرڈرز، بلز، نوٹس اور رسیدوں کو اپنے پاس موجود فرم کے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ کر دیں۔ فرم میں شرکاء ہونے کی وجہ سے ہم مشترکہ طور سے اور انفرادی طور سے بینک کو فرم کے تمام واجبات ادا کرنے کے ذمہ دار ہیں اور بینک، فرم کے تمام شرکاء یا کسی ایک سے اپنے کلیمز کی وصولی کر سکتا ہے۔

28. کسی شریک کی موت کی وجہ سے یا اس کے علاوہ کسی وجہ سے فرم کا ممبر باقی نہ رہنے پر جب تک کہ آپ کو ہماری طرف سے یا ہمارے میں سے کسی کی طرف سے یا قانونی نمائندگان یا ٹرسٹیز میں سے کسی کی طرف سے برعکس تحریری نوٹس موصول نہ ہو، آپ باقی ماندہ اور موجودہ شرکاء یا دیگر شرکاء کے ساتھ ویسا معاملہ کر سکتے ہیں جیسا کہ وہ ابتداء سے بلا روک ٹوک، فرم کے کاروبار کو چلانے اور اس کے اثاثہ جات کے ساتھ معاملہ کرنے میں مکمل با اختیار ہیں۔ جیسے کہ یہاں فرم میں کوئی تبدیلی یا اختتام پذیری نہیں ہے۔

## مضاربہ کی بنیاد پر ڈپازٹس

29. مضاربہ کی بنیاد پر ڈپازٹس، فیصل بینک کے سیونگ اکاؤنٹس / نفع بخش اکاؤنٹس اور انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹس کی تمام اقسام پر مشتمل ہے۔

30. بینک کو فراہم کردہ رقوم شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے اسلامی طریقوں مثلاً مرابحہ، مشارکہ، اجارہ، استصناع یا سرمایہ کاری اور / یا انویسٹمنٹ کے کسی دوسرے اسلامی طریقہ کار میں لگائی جائینگی۔

31. کسٹمر متفق ہے کہ وہ ہمیشہ اپنے / ہمارے اکاؤنٹ میں کم از کم رقم رکھے گا جیسا کہ بینک کو وقتاً فوقتاً مطلوب ہو گا۔ بینک، مروجہ ریٹ کے مطابق اکاؤنٹ سے کم از کم رقم کے چارجز کی کٹوتی کا اختیار محفوظ رکھتا ہے جبکہ کسٹمر، بینک کے اس مطالبہ کو پورا کرنے میں ناکام ثابت ہو۔

32. بینک اپنی رقوم / راس المال کو (جو کہ سیّال / نقد شکل میں میسر ہو گا) ڈپازیٹرز کی رقم کے ساتھ (بشمول کرنٹ ڈپازٹس کے) مضاربہ پول میں شامل کر سکے گا جتنی اور جب ضرورت ہو گی۔

33. کسٹمر، بینک کو اپنی رقوم یا دیگر ڈپازیٹرز کی رقوم کو بشمول کرنٹ ڈپازٹس کے، مضاربہ پول میں شامل کرنے کی صریح اجازت دیتا ہے، جتنی اور جب ضرورت ہو۔

34. پول کے نقد منافع کا حساب کتاب اور تعیّن، تمام براہ راست اخراجات، Write off اور پول کی گراس انکم (GIP) سے سرمایہ کاری کے نقصانات کی کٹوتی کر کے کیا جائیگا۔ اس قابل تقسیم منافع کو بینک (مضارب کی حیثیت سے، جس کی بنیاد مضارب کے لئے اعلان کردہ مروجہ، حصہ پر ہو گی) اور ڈپازٹرز (بحیثیت رب المال، جس کی بنیاد پہلے سے طے شدہ اوزان پر ہو گی) کے درمیان تقسیم کر دیا جائیگا۔ تاہم اگر بینک نے اپنی رقوم / راس المال کو پول میں شامل کیا ہو گا تو پول کے اس نقد نفع کا حساب، پول میں بینک کے راس المال اور ڈپازٹرز کی رقوم کے مابین انکے اپنے اپنے حصے کے تناسب سے ہو گا پھر اس موجودہ قابلِ تقسیم نفع کو بینک (مضارب کی حیثیت سے، جس کی بنیاد مضارب کے لئے اعلان کردہ مروجہ، حصہ نفع پر ہو گی) اور کسٹمرز (بحیثیت رب المال، جس کی بنیاد پہلے سے طے شدہ اوزان پر ہو گی) کے درمیان تقسیم کر دیا جائیگا۔ بینک یہاں قابلِ اطلاق مروجہ اصول اور / یا ہدایات کے مطابق وقتاً فوقتاً مضارب کے حصہ نفع اور / یا نفع کے اوزان (Weightage) کو

بدلنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ یہ تبدیلی منافع کی تعیین کی مدت کی ابتداء سے فوری نافذ العمل سمجھی جائیگی۔

35. مضارب کا موجودہ اور مروجہ حصہ نفع اور نفع کے اوزان (Weightage) جو مضاربہ پول میں مضاربہ کی بنیاد پر کئے گئے ڈپازٹس پر نافذ العمل ہونگے بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہونگے، بینک کی شاخوں میں آویزاں کئے جائینگے، وقتاً فوقتاً بینک سے حاصل کئے جاسکیں گے اور / یا کسٹمر کو کسی اور ذریعہ سے آگاہ کیا جائیگا جو بینک کے مروجہ طریقہ کار کے مطابق الیکٹرونک یا کوئی اور ذریعہ ہو گا۔

36. مضاربہ کی بنیاد پر ڈپازٹس اکاؤنٹ کے نفع کو ہر شمسی مہینے کے اختتام پر آٹھ کاروباری دنوں کے اندر یا ان ایام یا وقفوں میں مضارب کے اکاؤنٹ میں منتقل کر دیا جائیگا جنکی تعیین اور حساب بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر کریگا۔

37. مضاربہ کی بنیاد پر ڈپازٹس کا واجب الاداء منافع پاکستان کے مروجہ قوانین اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے قواعد وضوابط کے مطابق ہو گا جو شریعت کے قواعد اور اصولوں سے متصادم نہیں ہونگے۔ جیسا کہ بینک کے شریعہ بورڈ کی طرف سے واضح کیا گیا ہے۔ زکوٰۃ، With holding ٹیکس یا دیگر ٹیکسز جو وقتاً فوقتاً عائد ہونگے انکو پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق منہا کر لیا جائیگا۔

38. کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ ان شرائط وضوابط میں سے کسی کو وارنٹی شمار نہیں کیا جائیگا اور نہ ہی مضاربہ کی بنیاد پر حاصل شدہ رقم کے حوالہ سے بینک کی جانب سے نقص دھانی متصور کیا جائیگا۔ کسٹمر باخبر ہے کہ مضاربہ پول کے تمام ڈپازٹس کسی ممکنہ نقصان سے محفوظ نہیں جو کہ مضاربہ پول کے اثاثہ جات کو لاحق ہونے والے خسارہ کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ کوئی نقصان جو نفع کی تعیین کی مد (Profit Allocation Period) کے دورانیہ میں مضاربہ پول کو لاحق ہو گا اسکو صرف کسٹمر برداشت کریگا۔ بینک صرف اُس نقصان کے ازالے کا ذمہ دار ہو گا جو مضارب کی کوتاہی یا قصداً دھوکہ بازی کی وجہ سے ہو۔ تاہم اگر بینک نے بھی مضاربہ پول میں شریک کی حیثیت سے مخصوص رقم کی سرمایہ کاری کی ہو گی تو اس نقصان کو بینک اور کسٹمر کے درمیان، بینک اور کسٹمر کی لگائی گئی رقوم کے تناسب سے تقسیم کیا جائیگا۔

39. کسٹمر اجازت دیتا ہے کہ شریعہ بورڈ کی منظوری حاصل کرنے کے بعد بینک منافع کی مساوات کو برقرار (PER) رکھنے کے لئے مضاربہ کے نفع میں سے کچھ رقم کو مضارب کے حصہ کی تعیین سے پہلے اس غرض سے محفوظ کر لے کہ کسٹمرز کو نفع واپس کرنے کا ایک متعین معیار برقرار رکھا جاسکے جو کہ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہو گا، بینک کی شاخوں پر آویزاں کیا جائیگا۔ وقتاً فوقتاً بینک سے حاصل کیا جاسکے گا یا کسٹمر کو بینک کے مروجہ طریقہ کار اور ریگولیٹری کے تقاضوں کے مطابق الیکٹرونک ذریعہ یا کسی اور ذریعہ سے آگاہ کیا جاسکتا ہے۔ PER کے لئے مختص رقم، خالصتاً بینک کی صوابدید پر کسٹمرز / شیئر ہولڈرز کو واپس کی جاسکتی ہے۔

40. کسٹمر اسکی بھی اجازت دیتا ہے کہ "شریعہ" کی منظوری حاصل کرنے کے بعد بینک، کسٹمر کے نفع سے کچھ رقم سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشہ سے تحفظ (IRR) کے لئے مختص کر سکتا ہے جو مستقبل میں ہونے والے نقصان کی تلافی کی غرض سے ہو گا۔ جو کہ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہو گا، بینک کی شاخوں پر آویزاں کیا جائیگا۔ وقتاً فوقتاً بینک سے حاصل کیا جاسکے گا یا کسٹمر کو بینک کے مروجہ طریقہ کار اور ریگولیٹری کے تقاضوں کے مطابق الیکٹرونک ذریعہ یا کسی اور ذریعہ سے آگاہ کیا جاسکتا ہے۔ بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر نقصان کی تلافی کے لئے IRR میں موجود رقم کو استعمال کر سکتا ہے۔

41. کسٹمر انتظامی یا مضاربہ کی رقوم کی سرمایہ کاری سے متعلق فیصلوں میں شریک نہ ہو گا اور اس معاہدہ پر دستخط کرتے ہوئے کسٹمر باخبر ہے کہ بینک / مضارب کو ان رقوم کی سرمایہ کاری کا ناقابلِ تردید حق دے چکا ہے۔

42. مضاربہ کی بنیاد پر ڈپازٹس کے اکاؤنٹ ہولڈر، منافع میں حصے کے اہل ہونگے جو کہ بینک کے اسلامک بینکنگ آپریشنز کے ذریعہ اسلامک فنانس کے مختلف طریقوں میں سرمایہ کاری کر کے حاصل کیا گیا ہو گا۔

**سیونگ اکاؤنٹس**

43. سیونگ اکاؤنٹس، مضاربہ مطلقہ کے بندوبست کے تحت نفع و نقصان میں شراکت کی پیشکش ہے۔(اس گنجائش کے ساتھ کہ بینک بھی نفع نقصان کی بنیاد پر مضاربہ پول میں اپنی رقوم کو شامل کر سکتا ہے)۔

44. کسی وقت کہ سیونگ اکاؤنٹ کا تمام تر ڈپازٹ مہینہ کے درمیان کسی ایسے وقت میں نکلوایا جائے۔ جبکہ پرافٹ کیلکولیشن پیریڈ کے لئے مضاربہ کا نفع معلوم نہیں کیا جاسکتا ہو تو ایسی صورت میں منافع کی رقم کا حساب اس شرح منافع کو استعمال کرتے ہوئے ہو گا جو اس سے فوری پہلے منافع کے حساب کتاب کے دورانیہ پر نافذ العمل تھا اور جلد از جلد کسٹمر کو ادا کر دیا جائیگا، جسکے بعد اکاؤنٹ بند ہو جائیگا۔ تخارج کے اصول کے تحت یہ حساب کتاب اور کسٹمر کو ادائیگی، بینک کو کسٹمر کی طرف سے اپنی ذمہ داریوں سے مکمل اور حتمی، بری الذمہ کرنے والی ہو گی اور مزید کسی طرح کا دعوی نہیں کیا جاسکے گا اور نہ ہی قابل پذیرائی ہو گا۔ گذشتہ پرافٹ کیلکولیشن پیریڈ پر نافذ العمل شرح منافع کے حساب سے نفع کی رقم کی وصولی کے عوض، کسٹمر نفع کی رقم کی وصولی کے کسی بھی حق سے دستبردار ہونے پر رضامند ہے جسکا حساب کتاب موجودہ پرافٹ کیلکولیشن پیریڈ پر نافذ العمل شرح منافع کے مطابق کیا جائیگا اور رضامند ہے کہ نفع کی ایسی کسی بھی رقم کو موجودہ اکاؤنٹ ہولڈر کے مفاد میں استعمال کر لیا جائے اور یہ کہ ایسی رقم یا رقوم کی ادائیگی کی تاریخ، اس اکاؤنٹ کے لئے نفع کی ادائیگی کی تاریخ ہو گی۔

**انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹس**

45. انویسٹمنٹ سرٹیفکیٹس پر نافذ العمل شرائط وضوابط اس درخواست پر دی گئی ہیں جو کسٹمر نے ان سرٹیفکیٹس کے اجراء کے لئے دی ہے اور یہ "کسٹمر ریلیشن فارم" کا لازمی حصہ متصور کی جائینگی۔

**کرنٹ اکاؤنٹس**

46. کرنٹ اکاؤنٹس قرض کی بنیاد پر کھولا جاتا ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر کو وقتاً فوقتاً اپنی سہولت کے مطابق رقوم نکلوانے کی رعایت دینے کی پیشکش کرتا ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹ پر کوئی منافع ادا نہیں کیا جائیگا۔ بینک کو کرنٹ اکاؤنٹ میں حاصل شدہ رقوم کو، شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے اسلامی طریقوں (مرابحہ، اجارہ، استصناع، مشارکہ یا سرمایہ کاری اور / یا انویسٹمنٹ کے کسی اور طریقہ) (شریعت کے مطابق اثاثوں) میں شریعہ بورڈ کی منظوری کے بعد لگایا جائے گا، جس طرح بھی بینک مناسب سمجھے گا۔

47. بینک کرنٹ ڈپازٹس کے تمام خدشات کو قبول کرتا ہے (جو قرض کی بنیاد پر فراہم کئے گئے ہیں) اور نفع و نقصان کے تخمینہ اور تمام پولز پر تقسیم کے مقصد سے، ان قرض ڈپازٹ کو اپنی ایکیوٹی (راس المال) میں شمار کر سکتا ہے۔

**چیک بک کی حفاظت اور احتیاطی تدابیر**

48. بینک سے چیک بک کی درخواست کرنے کے بعد کسٹمر / اسکا با اختیار نمائندہ بینک سے پینتالیس (45) دنوں کے اندر چیک بک وصول کر سکتا ہے۔ جسکے بعد بینک چیک بک کو ضائع کر دیگا۔ نئی چیک بک کا اجراء کسٹمر کے طرف سے درخواست موصول ہونے کے بعد کیا جائیگا اور اکاؤنٹ سے متعلقہ چارجز وصول کر لئے جائیں گے۔ اکاؤنٹ ہولڈر ضمانت دیتا ہے کہ بینک کی طرف سے فراہم کردہ چیک بک

کو ہمیشہ محفوظ اور مامون رکھے گا۔ میں / ہم ذاتی طور سے / مشترکہ اور انفرادی طور پر چیک کے نقصان، چوری یا جعل سازی کے نتیجہ میں ہونے والے نقصان اور خسارے کے ذمہ دار نہ ہونگے بشرطیکہ اسکی بینک کو اطلاع ادائیگی ہو جانے سے پہلے کر دی گئی ہو۔ بہر حال بینک اچھے بھروسہ کی بنیاد پر مناسب ہوشیاری کو ملحوظ رکھنے کا ذمہ دار ہو گا۔

49. غیر تعلیم یافتہ کسٹمر چیکس کو کاٹنے یا تبدیلی کرنے کا اہل نہیں ہو گا جب تک کہ صحیح طور سے قابلِ اعتماد ہونا ثابت نہ ہو جائے۔

50. ضروری جانچ پڑتال کے بعد کسٹمر اپنے رجسٹرڈ نمبر سے بذریعہ رابطہ سینٹر چیک بک کے فعال/ایکٹیویٹ کرانے کے لئے رابطہ کر سکتا ہے۔

51. موجودہ پتہ پر چیک بک کو ارسال کرنے کی صورت میں فیصل اسلامک بینکنگ کے شیڈول آف چارجز (SOC) کے مطابق چارجز لاگو ہونگے۔

52. واپس کردہ یا غیر ارسال شدہ چیک بک کسٹمر کی موجودہ برانچ کو واپس کر دی جائے گی۔

## چارجز اور اخراجات

53. بینک، کسٹمر سے مزید کوئی اختیار حاصل کئے بغیر، بینک کے پاس موجود کسٹمر کے اکاؤنٹ سے جیسا کہ شریعہ کی طرف سے اجازت ہو، تمام اخراجات، فیسز، کمیشنز، ٹیکسز، ڈیوٹیز یا دیگر چارجز اور حقیقی نقصانات کی کٹوتی کر سکتا ہے جو اکاؤنٹ کو کھولنے / آپریشنز / بندوبست کرنے کے سلسلے میں بینک کو پیش آئے ہوں یا پیش آسکتے ہوں اور یا خدمات کی فراہمی اور یا بینکنگ کی دیگر خدمات کی وجہ سے ہو جو بینک کسٹمر کو فراہم کر سکتا ہو۔

## اسٹینڈنگ آرڈرز

54. میں / ہم یہاں اتفاق کرتے ہیں کہ بینک کو اسٹینڈنگ آرڈرز پر عملدرآمد کے قابل بنانے کے لئے میں / ہم / میرے / ہمارے اکاؤنٹ میں کافی رقم رکھیں گے جو میری / ہماری طرف سے وقتاً فوقتاً بینک کو دیئے جاسکتے ہیں۔

55. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ ایسے اسٹینڈنگ آرڈز کے مؤثر ہونے کی تاریخ پر جو وقتاً فوقتاً میری / ہماری طرف سے بینک کو دیئے جاسکتے ہیں، بینک کو وصولی کے لئے پیش کردہ چیکس کے بالمقابل اسٹینڈنگ آرڈرز میں ترجیح کو متعین کرے یا کسی دوسرے موجودہ بندوبست کو اختیار کرے جو بینک نے بنایا ہو۔

56. میں / ہم متفق ہیں کہ اگر اکاؤنٹ میں کافی رقوم موجود نہ ہوں جس سے اسٹینڈنگ آرڈرز کی تعمیل ہو سکے جو میری / ہماری طرف سے بینک کو وقتاً فوقتاً دیئے جاسکتے ہیں تو بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر مجھے / ہمیں اس سے مطلع کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے اور ایسے اسٹینڈنگ آرڈرز کو پورا کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ اس بات کا دھیان رکھتے ہوئے کہ اگر یہاں اکاؤنٹ میں ناکافی رقوم موجود ہوں تو بینک ایسے اسٹینڈنگ آرڈرز کو مجھے / ہمیں مطلع کئے بغیر منسوخ کر سکتا ہے جو وقتاً فوقتاً میری / ہماری طرف سے بینک کو دیئے جاسکتے ہیں۔

57. بینک کو وقتاً فوقتاً دیئے جانے والے اسٹینڈنگ آرڈرز مؤثر رہیں گے، اس بات سے قطع نظر کہ میری / ہماری وفات ہو جائے یا دیوالیہ پن ہو جائے جب تک کہ اس وفات یا دیوالیہ پن کی اطلاع بینک کو ایسے طریقے سے نہ دی جائے جو بینک کے لئے قابل قبول ہو۔

58. میری / ہماری طرف وقتاً فوقتاً بینک کو دیئے گئے اسٹینڈنگ آرڈرز میں کی گئی ترامیم لازماً بینک کو اگلی ایسی ادائیگی کے واجب الاداء ہونے سے کم از کم ایک ہفتہ پہلے موصول ہو جانی چاہئیں۔

59. بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر میری / ہماری طرف سے بینک کو دیئے گئے اسٹینڈنگ آرڈرز میں کی گئی کسی بھی ترمیم کو مؤثر بنانے کے لئے محصول عائد کر سکتا ہے اور اسی طرح ہر نئے اسٹینڈنگ آرڈر پر عائد کر سکتا ہے۔ بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر ہر ایسے اسٹینڈنگ آرڈر پر بھی محصول عائد کر سکتا ہے جس پر ناکافی رقوم کی وجہ سے بینک نے عملدرآمد نہ کیا ہو۔

60. بینک وقفہ وقفہ سے کی جانے والی ادائیگی ہر محصول عائد کرے گا جو بینک نے کی ہوں گی۔ یہ محصول دیگر مصارف، ڈاک خرچ اور یا اسٹامپ ڈیوٹی کے علاوہ ہو گا جو بینک نے وقفہ وقفہ سے کی جانے والی ادائیگی پر ادا کیا ہو گا۔

61. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک کے کسی بھی نقصان یا بینک کے خلاف دعویٰ کی تلافی کرینگے جو بینک کو کسی اسٹینڈنگ آرڈرز پر عملدرآمد کے سلسلے میں یا نتیجہ میں برداشت کرنا پڑے گا جو وقتاً فوقتاً میری / ہماری طرف سے بینک کو دیئے جا سکتے ہیں۔

## اسٹاپ پیمنٹ

62. میں / ہم متفق ہیں کہ کوئی بھی یا تمام درخواستیں جو بینک کو میری / ہماری جانب سے کسی چیک یا چیکس کی ادائیگی روکنے کے لئے کی جائیں گی وہ اسٹاپ پیمنٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے تحریری طور پر ہونگی جس میں چیک کی پوری شناخت ہو گی۔ جس میں کسی جانب داری کے بغیر ان معلومات کا فراہم کرنا بھی داخل ہے۔

i. چیک نمبر ii. تاریخ iii. وصول کنندہ کا نام اور iv. رقم

ایسی ہدایات فون بینکنگ یا کسی متبادل چینل کے ذریعہ دی جا سکتی ہیں۔

63. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر اسٹاپ پیمنٹ کی درخواست پر محصول عائد کر سکتا ہے اور بینک کو اختیار ہو گا کہ وہ اکاؤنٹ سے ایسے محصول کی رقم کو ڈیبیٹ کر لے۔

## رقوم کی منتقلی

64. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک، رقوم کی منتقلی سے متعلق کسی درخواست پر عملدرآمد کا ذمہ دار نہ ہو گا جو میری / ہماری طرف سے وقتاً فوقتاً بینک کو کی جا سکتی ہے تاوقتیکہ اس مقصد کے لئے کافی رقم میرے / ہمارے اکاؤنٹ میں دستیاب نہ ہو۔

65. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک کا وقتاً فوقتاً میری / ہماری طرف سے کی گئی رقوم کی منتقلی کی کسی بھی درخواست پر عملدرآمد، حکومت پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے تمام قوانین، قواعد، عدالتی فیصلوں، انتظامی اصولوں اور احکامات کی تعمیل سے مشروط ہے جیسے بھی وقتاً فوقتاً رقوم کی دستیابی اور منتقلی سے متعلق نافذ العمل ہوں گے۔

66. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک کو تلافی کرینگے اور بینک کے ہونے والے کسی نقصان یا بینک کے خلاف ہونے والے کسی دعوی سے بینک کو محفوظ رکھیں گے جو میری / ہماری طرف سے وقتاً فوقتاً کی گئی رقوم کی منتقلی کی درخواست کے نتیجہ میں ہو گا۔

## چیک کے محاصل / آمدنی

67. میں / ہم یہاں متفق ہیں کہ کسی چیک کے فوائد بلا واسطہ میرے / ہمارے اکاؤنٹ میں کریڈٹ ہونے کی صورت میں، بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی وقت کریڈٹ کی انٹری کو برعکس کر دے جبکہ جاری کنندہ بینک کی جانب سے وصولی کے لئے پیش کردہ چیک کسی بھی وجہ سے ادائیگی

کے بغیر واپس کر دیا جائے ایسی صورت میں کہ بینک کریڈٹ کی انٹری کی برعکس کرے گا جیسا کہ اوپر گذرا میں / ہم متفق ہیں کہ میں / ہم بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً میرے / ہمارے لئے جاری کردہ پروسیڈ سرٹیفکیٹ کو پیش کرنے کے ذریعہ یا کسی اور طریقہ سے بینک کے خلاف کوئی دعوی کرنے کا حق نہیں رکھتے ہیں۔

68. بینک ایسی کسی رقم کو کریڈٹ کرنے پر مستقبل میں ایک Value Date دے سکتا ہے مجھے / ہمیں اس Value Date تک کریڈٹ کردہ ایسی رقم کو نکلوانے یا حاصل کرنے کا کوئی حق نہیں ہو گا۔

سیکیورٹیز / صکوک

69. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک ایسی اسلامک سیکیورٹیز کو خریدنے کا ذمہ دار نہیں ہو گا جس کی میری / ہماری طرف سے وقتاً فوقتاً بینک کو نشاندہی کی جاسکتی ہے جب تک کہ اس مقصد کے لئے میرے / ہمارے اکاؤنٹ میں کافی رقم موجود نہ ہو۔

70. میں / ہم متفق ہیں کہ میری / ہماری اسلامک سیکیورٹیز کو نقد میں بدلنے کی درخواست پر جو وقتاً فوقتاً کی جاسکتی ہے، جب تک اسلامک سیکیورٹیز کی آمدنی اور / یا سہ ماہی، ششماہی کرایہ / نفع بینک کو وصول نہ ہو جائے، بینک میرے / ہمارے اکاؤنٹ میں کسی رقم کو کریڈٹ نہیں کرے گا۔

71. میں / ہم متفق ہیں کہ بینک کے کسی بھی نقصان یا بینک کے خلاف ہونے والے کسی بھی دعوی کی تلافی کریں گے جو بینک کو وقتاً فوقتاً ہمارے لئے اسلامک سیکیورٹیز کو نقد بنانے یا خریدنے کے سلسلہ میں یا نتیجہ میں برداشت کرنا پڑے گا۔

تلافی اور ذمہ داری

72. میں / ہم بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائیں گے اور نہ ہی بینک کے خلاف کسی طرح کا دعوی کریں گے جو وقتاً فوقتاً بینک کے ہمارے لئے انجام دیئے گئے کسی کام کی وجہ سے یا نتیجہ میں ہو۔ یا

میری / ہماری طرف سے دی گئی ہدایات پر عملدرآمد نہ ہوا ہو یا ان ہدایات کی تعمیل میں تاخیر کسی ایسی وجہ سے ہوئی ہو جو بینک کے اختیار سے باہر ہو۔

73. میں / ہم ناقابل تنسیخ اور غیر مشروط طور سے متفق ہیں کہ یہاں بینک اور بینک کے متعلقہ آفیسرز، ڈائریکٹرز، ملازمین اور نمائندگان، ایجنٹس اور کنٹریکٹرز کے ہر قسم کے نقصان، ٹوٹ پھوٹ، مصارف، چارجز، اخراجات کی تلافی کریں گے جو بلواسطہ یا بلاواسطہ بینک کو، اسکے جانشیوں، منتظمین اور تفویض کنندگان کو برداشت کرنے پڑے ہوں، عائد ہوئے ہو اور واقع ہو چکے ہوں ماسوائے اسکے کہ یہ ناکامی بینک کی اپنی کوتاہی کا نتیجہ ہو۔

اور ہر قسم کے مقدمے، دعوی، کاروائی، مطالبوں، ذمہ داریوں، قانونی کاروائیوں سے محفوظ رکھیں گے جو کسی کی طرف سے بھی بینک کے خلاف کی گئی ہو یا لائی گئی ہو یا دائر کی گئی ہو جو اکاؤنٹ کے کھولنے پر بینک کے اکاؤنٹ پر نافذ العمل شرائط یا میری / ہماری درخواست پر بینک کی فراہم کردہ خدمات یا میری / ہماری ہدایات پر بینک کی طرف سے عملدرآمد کی وجہ سے ہوں۔

وفات

74. میری / ہماری وفات یا دیوالیہ ہونے کی صورت میں، کریڈٹ بیلنس صرف اس صورت میں جاری کیا جائیگا اور / یا نکلوانے کی اجازت دی جائیگی

جبکہ فراہمی انصاف کی مجاز عدالت کی جانب سے جاری کردہ سکسیشن سرٹیفکیٹ (succession certificate) ، لیٹر آف ایڈ منسٹریشن یا وراثت نامہ کی مصدقہ دستاویز پیش کردی جائے۔ ہم میں سے کسی ایک کی وفات کی صورت میں جب تک کہ باقی ماندہ افراد کی طرف سے اکاؤنٹ کو چلانے کے لئے خصوصی اکاؤنٹ آپریٹنگ کا مختار نامہ نہ پیش کیا جائے تو بینک اکاؤنٹ کو استعمال کرنے یا رقم کے نکلوانے کی اجازت صرف سکسیشن سرٹیفکیٹ (succession certificate) ، لیٹر آف ایڈمنسٹریشن یا وراثت نامہ کی مصدقہ دستاویز پیش کرنے کی صورت میں دے گا۔ بینک مذکورہ بالا کسی اقدام کو بروئے کار لانے کا صرف اسی صورت میں ذمہ دار ہے جب کہ بینک کو ایسی صورت کی اطلاع موصول ہو جائے یا کسی با اعتماد ذریعہ سے اسکے بارے میں معلوم ہو جائے۔

### بینک کا استحقاق (Lien) اور تصفیہ کا حق

75. ایسی صورت میں کہ بینک میری / ہماری درخواست پر کسی ذمہ داری کو قبول یا برداشت کرے گا تو ایسی ذمہ داری کی ادائیگی کے لئے بینک اپنی صوابدید پر اور مجھے / ہمیں اسلامک فیسیلٹیز کے بالمقابل نوٹس دیئے بغیر، بینک کے قبضے میں موجود مجھ سے / ہم سے متعلق تمام فنڈز، رقوم، سیکیورٹیز اور کسی قسم کی دوسری جائیدادوں پر استحقاق (Lien) چارج اور تصفیہ کا حق رکھے گا۔

اکاؤنٹ ہولڈر کے نادہندہ ہونے کی صورت میں، بینک، اکاؤنٹ ہولڈر کو مزید کوئی نوٹس دیئے بغیر ایسی جائیدادوں کا تصفیہ کرنے یا رقم کو حاصل کرنے کے لئے مذکورہ بالا کوئی بھی قدم اٹھا سکتا ہے جو یہ مناسب اور بہتر سمجھے گا اور اس سے حاصل شدہ رقم کو میرے / ہمارے تمام واجب الاداء قرضوں کی وصولی کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔

### معلومات کا افشاء

76. میں / ہم واقف ہیں اور متفق ہیں کہ بینک میرے / ہمارے اکاؤنٹ کی رازداری کو برقرار رکھنے کی کوشش کریگا۔ تاہم اسکے باوجود بینک کو یہ اختیار ہے کہ میرے / ہمارے اکاؤنٹ سے یا میری / ہماری ذات سے متعلق معلومات کا افشاء کردے جیسا کہ کسی عدالتی حکمنامہ یا مجاز اتھارٹی یا ایجنسی کا، نافذ العمل قانون کے تحت تقاضہ ہوگا اور / یا اسکے علاوہ بینک کے مفادات کے تحفظ یا بینک اسٹیٹمنٹ کی تصدیق کا تقاضہ ہوگا۔

### فیصل اسلامک ڈیبٹ کارڈ

77. فیصل اسلامک ڈیبٹ کارڈ پر ویلکم پیک کے ساتھ ارسال کئے گئے شرائط و ضوابط نافذ العمل ہونگے اور بینک کی ویب سائٹ www.faysalbank.com/en/islamic/ سے حاصل کئے جاسکیں گے اور کسٹمر پر لازم ہونگے۔ اس سے اتفاق نہ ہونے کی صورت میں براہ مہربانی کارڈ کو فعال / دستخط نہ کریں۔ براہ کرم اسے درمیان سے کاٹ کر فیصل بینک لمیٹڈ، فیصل اسلامک بینکنگ کو واپس کردیں۔

- تمام غیر ملکی کرنسی کی ٹرانزیکشن ریگولیٹری اتھارٹی کی طرف سے وقتاً فوقتاً تفویض کردہ مختص حدود کے مطابق ہوں گے۔ کسٹومر کو بھی یہی بتایا جائے گا۔
- تمام قسم کے ڈیبٹ کارڈز کے لئے سالانہ فیس چارجز کے مروجہ شیڈول کے مطابق وصول کی جائے گی، قطع نظر کسٹومر نے کارڈ کو ایکٹیویٹ کیا ہو۔ براہ کرم اپ ڈیٹ شدہ شیڈول آف چارجز کے لیے فیصل بینک کی ویب سائٹ وزٹ کریں۔ مزید بار آں، غیر فعال کھاتوں سے سالانہ فیس کاٹی جاسکتی ہے۔

### متبادل چینل کے ذریعہ رقوم کی منتقلی

78. کارڈ ہولڈر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ رقوم کی منتقلی کی درخواست کے مندرجات مکمل اور درست ہیں تاکہ اسکے اکاؤنٹ سے بینیفشری کے اکاؤنٹ میں رقوم کی منتقلی صحیح طور سے انجام دی جاسکے۔

79. ATM یا کسی بھی متبادل چینل کے ذریعہ رقوم کی منتقلی کرتے ہوئے اکاؤنٹ نمبر اور دیگر تفصیلات کو صحیح طور سے داخل کرنا کسٹمر کی ذمہ داری ہوگی۔ کارڈ ہولڈر کی طرف سے غلط اکاؤنٹ نمبر داخل کرنے کی صورت میں بینک ذمہ دار نہ ہوگا لیکن کارڈ ہولڈر کی طرف سے واپس پلٹانے کی درخواست کی صورت میں اور غلط اکاؤنٹ نمبر داخل کرنے کے اعتراف کرنے پر، بینک اپنی صوابدید پر اور پالیسوں اور طریقہ کار کے مطابق اس منتقلی کو واپس پلٹا سکتا ہے تاہم مذکورہ بالا سے قطع نظر یہ وضاحت کی جاتی ہے کہ بینک صرف اس صورت میں پلٹانے کے عمل کو انجام دے گا جبکہ یہ بینیفشری اور وصول کنندہ بینک سے رقم کو واپس لینے کے قابل ہو۔

80. وصول کنندہ بینکس، مختلف اوقات میں وصول کردہ رقوم کو بینیفشری کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ کر سکتا ہے اور جب منتقل کردہ رقوم واقعۃً بینیفشری کو کریڈٹ کر دی جائیں تو بینک اسکا ذمہ دار نہ ہوگا۔

81. اگر کوئی وصول کنندہ بینک کسی وجہ سے بینیفشری کو رقوم کی ادائیگی میں ناکام ہوجائے تو بینک کسی صورت میں اسکا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

82. کارڈ ہولڈر تمام سروس چارجز، ٹرانزیکشن فیسز اور / یا رقوم کی منتقلی سے متعلق کسی بھی چارجز کی ادائیگی کریگا جو بینک کی طرف سے یا بینیفشری کے بینک کی جانب سے شیڈول آف چارجز کے مطابق عائد کئے جاسکتے ہیں۔

### متبادل چینلز کے ذریعہ یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی کی سروس

83. یہاں کارڈ ہولڈر، بینک کو اختیار دیتا ہے کہ ATM یا کسی متبادل چینل کے ذریعہ اسکی طرف سے بینک کو دی گئی ہدایات کو قبول کرلے تاکہ "ڈیزیگنیٹڈ یوٹیلٹی پرووائڈر" کو ادائیگی کرنے کے لئے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرلے۔

84. یہاں کارڈ ہولڈر قبول کرتا ہے اور اتفاق کرتا ہے کہ "ڈیزائنیٹڈ یوٹیلٹی پرووائڈر" کی جانب سے ریکارڈ کرنے اور ادائیگی کو مؤثر بنانے میں کسی ناکامی یا تاخیر یا خرابی کا بینک ذمہ دار نہ ہوگا کہ کارڈ ہولڈر، بینک کو اس یوٹیلٹی بل پیمنٹ سروس کو استعمال کرنے کی ہدایت دیتا ہے۔

### متبادل چینلز کے ذریعہ نقد رقم کا ڈپازٹ

85. کارڈ ہولڈر قبول کرتا ہے کہ کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے ATM / CDM کے ذریعہ کسی بھی نقد رقم کا ڈپازٹ مکمل طور سے کارڈ ہولڈر کے رسک اور ذمہ داری پر ہوگا اور بینک کی تصدیق سے مشروط ہے۔ کارڈ ہولڈر متفق ہے کہ اگر ڈپازٹ کی گئی رقم کو ATM / CDM کے کرنسی نوٹوں کو قبول نہ کرنے وجہ سے یا نوٹوں کے خراب ہونے کی وجہ سے ATM / CDM کی جانب سے مسترد کر دیا جائے تو بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔ کسی بھی خرابی کو ٹرانزیکشن کے وقت سے 72 گھنٹے کے اندر بینک کے علم میں لایا جائے گا۔ جس میں ناکام ہونے کی صورت میں یہ تصور کرلیا جائے گا کہ کارڈ ہولڈر کو اسکا صحیح ہونا تسلیم ہے۔ کارڈ ہولڈر کی طرف سے کسی دعوی کی صورت میں بینک اپنے متعلقہ ریکارڈ سے اس دعوی کی تصدیق کے بعد صرف دعوی شدہ رقم کی انٹری کو درست کردے گا۔

### ایس ایم ایس الرٹ کی فیسیلٹی

86. یہاں کارڈ ہولڈر، بینک کی SMS الرٹ کی فیسیلٹی کو منظور کرتا ہے جہاں سے کارڈ ہولڈر شارٹ میسیجنگ سروس (SMS) الرٹس کو اپنے

موبائل فون کے نمبر پر کسٹمائز میسیجز کی شکل میں وصول کریگا۔ کارڈ ہولڈر SMS الرٹ کی سہولت کے ذریعہ کسی ٹرانزیکشن کو انجام دینے کے قابل نہیں ہو گا۔ SMS الرٹس صرف اسی موبائل فون نمبر پر ارسال کئے جائیں گے جو کارڈ ہولڈر کی جانب سے اس شق کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے خصوصی طور سے فراہم کیا گیا ہو گا۔

87. یہ SMS الرٹس کارڈ ہولڈر کو صرف اس صورت میں موصول ہونگے جبکہ کارڈ ہولڈر اپنے مخصوص "سیلولر سروس پرووائڈر" کی حدود میں ہو گا۔

88. اگر کارڈ ہولڈر کو شک ہے کہ اسکو ارسال کردہ SMS الرٹس میں دی گئی معلومات میں کوئی غلطی ہے تو یہ جس قدر جلدی ممکن ہو اسکے متعلق بینک کو مطلع کریگا اور بینک اس غلطی کے ازالہ کے لئے ہر ممکن کوشش کرے گا۔

89. کارڈ ہولڈر متفق ہے کہ کارڈ ہولڈر کو فراہم کردہ SMS الرٹ فیسیلیٹی اسکی آسانی کے لئے ایک اضافی سہولت ہے اور اس میں تاخیر، غلطی، نقص اور / یا سقم ممکن ہے۔ کارڈ ہولڈر، بینک کو کسی نقصان، خسارے وغیرہ کا ذمہ دار قرار نہیں دے گا جو SMS الرٹ فیسیلیٹی کی وجہ سے کارڈ ہولڈر پر عائد ہو سکتا ہو / برداشت کرنا پڑ سکتا ہو۔

90. بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کے موبائل فون نمبر پر ارسال کردہ کسی معلومات اور یا SMS الرٹ کو کسی تیسرے شخص کی طرف سے بلا اجازت استعمال کرنے / رسائی حاصل کرنے یا دھوکہ دہی سے نقل تیار کرنے یا ایسی معلومات کو غلط استعمال کرنے کا بینک ذمہ دار نہ ہو گا۔

91. مذکورہ بالا سے قطع نظر یہ صراحت کی جاتی ہے کہ اگرچہ کارڈ ہولڈر نے یہاں SMS الرٹ فیسیلیٹی کو منظور کیا ہے، SMS الرٹ، ارسال کرنے کے عمل کو بہترین کوشش کی بنیاد پر انجام دیا جائیگا اور ٹیلکوز (TELCOs) پر اسکا انحصار ہو گا۔ مزید یہ کہ بینک صرف ان کارڈ ہولڈرز کو SMS الرٹس ارسال کرنے حق محفوظ رکھتا ہے جو مخصوص "سیلولر سروس پرووائڈر" کی سروس کو استعمال کر رہے ہوں گے۔

92. کسٹمر یہاں بینک کو اختیار دیتا ہے کہ بینک حوصلہ افزائی کے پیغامات بھیج سکتا ہے جو بینک کی اسلامک پروڈکٹس، مبارک باد یا دیگر پیغامات کو مشتمل ہے جنکو ارسال کرنے کا بینک وقتاً فوقتاً انتخاب کر سکتا ہے۔ کسٹمر غیر مشروط اور ناقابلِ تنسیخ طور سے اتفاق کرتا ہے کہ ایسے پیغامات / کالز جو بینک یا اسکے ایجنٹس کی طرف سے کی جائیں گی انکو رازداری کی خلاف ورزی نہیں سمجھا جائیگا۔

93. کسٹمر تسلیم کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ فراہم کردہ سروسز کا انحصار، انفرااسٹرکچر، ربط سازی اور ٹیلکوز (Telcos) کی جانب سے اندرون و بیرونِ ملک فراہم کردہ سروسز پر ہے اور یہ کہ بینک کی طرف سے ارسال کردہ معلومات کے بروقت اور درست ہونے کا انحصار ان عوامل پر ہے جو کہ اندرون وبیرون ملک نیٹ ورک پر اثرانداز ہو رہے ہیں۔ بینک کسی بھی صورت میں معلومات کے موصول نہ ہونے یا اس میں تاخیر کا ذمہ دار نہ ہو گا، نہ ہی کسٹمر کو معلومات کی ترسیل کے عمل میں کسی خرابی یا نقصان کا ذمہ دار ہو گا۔

94. کسٹمر کے پری پیڈ ایئر ٹائم کے ری لوڈ ہونے میں ٹیلکو کی طرف سے کسی ناکامی یا تاخیر کا بینک ذمہ دار نہیں ہو گا، نہ ہی بینک کا اس سے کوئی تعلق ہو گا یا ٹیلکو کی طرف سے پوسٹ پیڈ ایئر ٹائم کے استعمال کنندہ کسٹمرز کے لئے مخصوص کردہ ایئر ٹائم میں تعطلی یا مستقل / عارضی رکاوٹ کا ذمہ دار ہو گا۔ ٹیلکو کے خلاف تمام شکایات براہ راست کسٹمر اور ٹیلکو کے مابین طے کی جائیں گی۔

95. بینک کی طرف سے موبائل فون بینکنگ فیسلیٹی سے متعلق فراہم کردہ سروسز، انکی مرمت اور مینٹیننس کے کام کی وجہ سے کسی وقت بھی عارضی طور سے معطل کی جاسکتی ہیں۔ یہ تعطل بینک سے مطلوب سیکیورٹی پروسیجر کی وجہ سے بھی ہوسکتا ہے۔

96. کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ بینک کی سروسز پر مختلف مراحل میں عملدرآمد کیا جائیگا اور یہ کہ بینک پہلے سے فراہم کردہ سروسز میں مخصوص فیسلٹیز کے اضافہ کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ اسکے برعکس بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر کسٹمر کو فراہم کردہ سروسز کو کسی بھی وقت جزوی یا کلی طور سے ختم یا منسوخ کرنے کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ البتہ کسٹمر کو ایسی کسی تبدیلی کا نوٹس 30 دن پہلے دیا جائیگا۔

97. بینک کی طرف سے سروسز کی پیشکش بینک کے شیڈول آف چارجز (SOC) میں درج چارجز سے مشروط ہے جس پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی جاسکتی ہے اور نظر ثانی شدہ / تازہ ترین SOC سے مطلع کردیا جائیگا۔ مزید یہ کسٹمر کہ مذکورہ بالا سروسز اور / یا ائیر ٹائم یا دیگر چارجز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے جو ٹیلکو یا بینک کی جانب سے الرٹس کو وصول کرنے کے سلسلے میں عائد کئے جاسکتے ہیں۔ کسی ایسی صورت میں کہ کسٹمر سے سروسز کو استعمال کرنے کے سلسلے میں کوئی ادائیگی مطلوب ہو تو بینک اسکے پاس موجود کسٹمر کے اکاؤنٹ سے اسکو ڈیبٹ کرنے کا اختیار رکھے گا۔ تاہم اگر کسی صورت میں کسٹمر نہ چارجز کو ادا کرتا ہو نہ ہی اسکے اکاؤنٹ میں کافی بیلنس موجود ہو تو بینک کسی پیشگی نوٹس کے بغیر سروسز کو معطل کرنے کا اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

## فون بینکنگ

98. بینک کی طرف سے ٹیلی فون پر اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے زبانی ہدایات کو قبول کرنے کی صورت میں جو ایسی فیسیلٹیز کے سلسلے میں ہونگی جو بینک کی فون بینکنگ سروسز کی طرف سے وقتاً فوقتاً دی جائیں گی، اکاؤنٹ ہولڈر درج ذیل سے اتفاق کرتا ہے اور ضمانت دیتا ہے کہ

a. اکاؤنٹ ہولڈر ایسی زبانی ہدایات کی تصدیق سے انکار نہیں کریگا۔ مزید یہ کہ اکاؤنٹ ہولڈر کسی تیسرے شخص کو فون بینکنگ سروسز کو دھوکہ دہی، غیر قانونی یا غیر شرعی مقصد میں استعمال نہیں کرنے دے گا یا اجازت نہیں دے گا۔

b. بینک کی پالیسی کے مطابق کسٹمر کی طرف سے تصدیق کے بعد بینک کو موصول شدہ کوئی بھی زبانی ہدایت، کسٹمر پر لازمی سمجھی ہوگی۔ گفتگو کو مانیٹر اور ریکارڈ کیا جاسکتا ہے مگر بینک ایسی ریکارڈنگ کسٹمر کو مہیا کرنے کا پابند نہیں ہے اور یہ کہ ایسی ٹیپ ریکارڈنگ قطعی ثبوت ہوگی اور بینک کی طرف سے ایسی ریکارڈنگ کو بطور ثبوت کسی بھی عدالت، متعلقہ ٹریبونل یا کسی بھی قانونی کاروائی کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے یا بینک اور اکاؤنٹ ہولڈر کے درمیان کسی اختلاف کے حل کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے۔

c. بینک کو اپنی صوابدید پر مکمل آزادی ہوگی (ایسا فعل انجام دینے کی کسی ذمہ داری کے بغیر) کہ دی گئی زبانی ہدایات کو قبول کرنے سے یا اسپر عملدرآمد کرنے سے انکار کردے جبکہ خالصتہً بینک کی رائے میں ان ہدایات کی صداقت مشکوک ہو یا اسکے بجائے بینک ان ہدایات پر عمل کرنے قابل نہ ہو جو کسی بھی وجہ سے ہوسکتا ہے۔

d. فون بینکنگ کے ذریعہ کسٹمر کی درخواست پر ہدایات لینے کے نتیجہ میں کسی غلطی کے واقع ہونے کی صورت میں کسٹمر، بینک کو مطلع کرسکتا ہے اور شکایت درج کرواسکتا ہے جو 7 کاروباری ایام کے اندر حل کردی جائیگی۔

e. کسٹمر متفق ہے اور ضمانت دیتا ہے کہ بینک کو تمام تر ذمہ داریوں، نقصانات، قانونی کاروائیوں، دعووں، لاگتوں، خساروں اور اخراجات سے محفوظ رکھے گا اور تلافی کریگا جو اکاؤنٹ ہولڈر کو یہاں پر ذکر کردہ شرائط پر کسی فون بینکنگ سروسز کی فراہمی کے نتیجہ میں یا اس کی وجہ سے بینک پر عائد ہو سکتے ہوں یا لاگو ہو سکتے ہوں یا بینک کے خلاف کئے گئے ہوں۔

f. اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کھولے گئے تمام اکاؤنٹس اور فون بینکنگ کے استعمال کے ذریعہ انجام دی گئی تمام ٹرانزیکشنز پر ایسے اکاؤنٹ پر قابل اطلاق تمام شرائط وضوابط نافذ العمل ہوں گی جیسی بھی بینک کی طرف سے ان میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کی جائے اور اکاؤنٹ ہولڈر کو اس سے مطلع کر دیا جائیگا اور اکاؤنٹ ہولڈر TPIN یا کوڈز کو مخفی رکھے گا اور اکاؤنٹ ہولڈر اسکو کسی تیسرے شخص کو نہیں بتلائے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر اسکے کسی بھی غلط استعمال کا ذمہ دار ہو گا اور متفق ہے کہ ایسے کسی غلط استعمال کے نتیجہ میں بینک کے خلاف ہونے والے نتائج کی تلافی کرے گا۔

## انٹرنیٹ بینکنگ

99. بینک کا کسٹمر، انٹرنیٹ بینکنگ کو فعال کر سکتا ہے اور اس پر قواعد وضوابط نافذ العمل ہوں گے جنکو اس موقع پر اس نے قبول کیا ہو گا۔

## فیصل ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ

مندرجہ ذیل قواعد اور شرائط کی قبولیت کے ذریعہ کسٹمر

100. بینک کو ناقابل تنسیخ اختیار دیتا ہے کہ فیصل ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ کے استعمال کے ذریعہ انجام دی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز/سروسز پر عملدرآمد کرنے کے لئے رجسٹریشن کے وقت اسکے بینک اکاؤنٹس کو ڈیبٹ کر دے جس کو یہ مقرر کر چکا ہے۔

101. اتفاق کرتا/کرتی ہے کہ وہ واقف ہے اور قبول کرتا/کرتی ہے کہ بینک کی طرف سے مہیا کردہ فیصل ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ سروسز انکو موبائل فون کے استعمال کے ذریعہ بینک کی مقرر کردہ حدود میں کسی بھی فنانشل ٹرانزیکشن کو انجام دینے کے قابل بنائے گی۔

102. متفق ہے کہ یہ سہولت اسکو صرف اس موبائل کے استعمال کا حق عطا کرتی ہے جو موبائل، سروس پرووائڈر کے پاس اسکے نام پر رجسٹرڈ ہے اور ضمانت دیتا ہے کہ اس سہولت کا استعمال صرف اس رجسٹرڈ موبائل نمبر کے ذریعہ کریگا جو اس سہولت کی رجسٹریشن کے لئے استعمال کیا گیا تھا۔

103. بینک صرف ان کسٹمرز کو سہولت فراہم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جو مخصوص "موبائل سروس پرووائڈر" کی سروس سے استفادہ کر رہے ہوں۔

104. کسٹمر کو بذات خود فیسیلٹی کے استعمال کے طریقہ سے واقفیت حاصل کرنی ہو گی اور فیسیلٹی کے استعمال کے دوران کسٹمر کی کسی غلطی کا بینک ذمہ دار نہ ہو گا۔

105. بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر اس فیصلہ کا اختیار محفوظ رکھتا ہے کہ کونسی سروسز کی پیشکش کی جائے، فیسیلٹی کے تحت پیش کردہ سروسز میں کمی/بیشی کی جائے۔ کسٹمر تسلیم کرتا ہے اور قبول کرتا ہے کہ بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر وقتاً فوقتاً فیصل ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ میں یا فیصل ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ کے عمل یا شکل میں کسی وجہ کو بیان کئے بغیر اور کسی ذمہ داری کو تسلیم کئے بغیر جزوی یا کلی اضافہ، تبدیلی، ترمیم، معطلی

یا تنسیخ کا اختیار رکھتا ہے ۔ البتہ بینک ایسی کسی تبدیلی سے متعلق کسٹمر کو 30 دن پہلے اطلاع کرے گا۔

106. کسٹمر کی ہدایات صرف اسکی یوزر ID اور MPIN کی جانچ پڑتال کے ذریعہ کسٹمر کی تصدیق ہونے کے بعد مؤثر ہوں گی۔

107. بینک کی کوشش ہوگی کہ کسٹمر کی طرف سے موصول شدہ ہدایات پر فوری عملدرآمد کیا جائے تاہم بینک کسی بھی وجہ سے ان ہدایات پر عملدرآمد میں تاخیر / ناکامی کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کہ آپریشنل سسٹم کے فیل ہونے یا کسی بھی قانونی تقاضہ کو مشتمل ہے۔ کسٹمر بینک کو واضح طور سے اختیار دیتا ہے کہ فیسیلٹی کے تحت پیش کردہ سروسز کے لئے درکار اسکے اکاؤنٹ کی معلومات کو حاصل کرے اور اسکے اکاؤنٹ سے متعلق معلومات کو سروس پرووائڈر / تیسرے شخص کو فراہم کرے جیسا بھی فیسیلٹی کے تحت سروسز کو فراہم کرنے کے لئے مطلوب ہو۔

108. بینک لین دین کی تفصیلات کو محفوظ رکھے گا اور یہ ریکارڈز، ٹرانزیکشنز کی درستگی اور تصدیق کے حتمی ثبوت متصور ہوں گے۔

109. کسٹمر واقف ہے کہ کسٹمر کی طرف سے سروس کے حصول کے لئے بھیجی گئی درخواست کے میسیجز کو بینک مسترد کرنے یا عملدرآمد نہ کرسکنے کا پیغام بھیج سکتا ہے جس پر کسی وجہ سے عملدرآمد نہیں کیا جاسکتا ہو۔

110. بینک کسٹمر کی معلومات کو خفیہ رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا تاہم بینک کسٹمر کی خفیہ معلومات کے نادانستہ انکشاف یا افشاء ہونے کا ذمہ دار نہ ہوگا جو بینک کے قابو سے باہر وجوہات سے ہوا ہو۔

111. کسٹمر واضح طور سے بینک کو اختیار دیتا ہے کہ بظاہر اسکے موبائل فون سے وصول شدہ اور اسکے MPIN سے تصدیق شدہ تمام درخواستوں / ٹرانزیکشنز پر، ہر ہر درخواست / ٹرانزیکشن کی تصدیق کی جانچ پڑتال کئے بغیر عملدرآمد کرے۔

112. فیسیلٹیز کی ادائیگی جیسے بلز کی ادائیگی کی صورت میں یہ متصور کیا جائیگا کہ کسٹمر کی طرف سے کسی درخواست کے موصول ہونے پر کسٹمر واضح طور سے بینک کو ادائیگی کا اختیار دے چکا ہے۔

113. یہ کسٹمر کی ذمہ داری ہے کہ اسکے فون نمبر میں تبدیلی یا نقصان / چوری، غلط استعمال یا بینک سے رابطہ کے لئے اسکے موبائل فون کے بلا اجازت استعمال کی صورت میں فوری طور سے بینک کو UAN: 111 06 06 06 پر اطلاع دے۔

114. یہ کسٹمر کی ذمہ داری ہے کہ فیسیلٹی کے استعمال یا کسی اور طریقہ سے بینک کو فراہم کردہ اطلاعات کی درستگی کو یقینی بنائے۔ کسٹمر واقف ہے کہ ان معلومات میں کسی تضاد کی صورت میں بینک کسی طور سے بھی کسی ایسے عمل کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو ان معلومات کی بنیاد پر کیا گیا ہوگا۔ بعض مخصوص صورتوں میں کسٹمر بینک کی مقررہ ہیلپ لائن پر کال کرکے ٹرانسفر یا ٹرانزیکشن کو روکنے کی درخواست کر سکتا ہے ۔ بینک اس درخواست کی صرف اس صورت میں تعمیل کرے گا جہاں ایسا کرنا عملاً ممکن ہو اور یہ صورتحال ہر کیس کے اعتبار سے مختلف ہوگی۔ بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر یہ فیصلہ کریگا کہ کہاں ٹرانزیکشن کو روکنا یا عملدرآمد کرنا ممکن ہے۔ کسٹمر متفق ہے کہ بینک کو محفوظ رکھے گا اور کسی ایسے نقصان ، لاگتوں، دعووں، خسارے، اخراجات، ذمہ داریوں یا قانونی کاروائیوں کی تلافی کریگا جو بینک کے ادائیگی روکنے کی مذکورہ بالا ہدایات پر عملدرآمد یا تعمیل میں تاخیر یا گریز کے نتیجہ میں بینک پر عائد ہوسکتے ہوں یا برداشت کرنے پڑسکتے ہوں۔

115. اگر کسٹمر ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ کا استعمال کرتے ہوئے کسی غلطی، خطا یا اجازت کے بغیر رقوم کی منتقلی پر مطلع ہوتا ہے خواہ مدتی اسٹیٹمنٹ کی رسید پر ہو یا اسکے علاوہ ہو یا کوئی اور کوتاہی ہو تو کسٹمر لازمی طور سے فوراً بینک کو اسکی اطلاع مقررہ ہیلپ لائن پر دے اور تحریری تصدیق فراہم کرے۔

116. بینک اور موبائل سروس پرووائڈر ایک تفتیشی عمل کا اہتمام کریں گے اور اسکے نتائج سے کسٹمر کو آگاہ کریں گے اور اگر ضرورت ہو گی تو کسی غلطی کی تصحیح کریں گے۔

117. کسٹمر قبول کرتا ہے کہ بینک ایسی غلطیوں کا ذمہ دار نہیں ہو گا جو بینک کی طرف سے معلومات کی درستگی کو یقینی بنانے کے اقدامات کے برخلاف سرزد ہوئی ہوں اور کسٹمر بینک کے خلاف کسٹمر کو لاحق ہونے والے کسی نقصان / خسارے کا دعوی نہیں کرے گا جو کہ کسٹمر کی طرف سے بینک کو فراہم کی جانے والی غلط معلومات کے نتیجہ میں ہوا ہو۔

118 کسٹمر ضمانت دیتا ہے کہ وہ ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ لاگ ان ID، لاگ ان PIN اور FPIN / MPIN (یعنی فنانشل/ موبائل PIN) کی سیکیورٹی کو مکمل محفوظ رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ کسٹمر کو PINs کی تبدیلی کا مشورہ تواتر کے ساتھ دیا جاسکتا ہے۔ اور

a. کسٹمر ضمانت دیتا ہے کہ PINs مخفی رکھنے کو یقینی بنائے گا اور کسی شخص کو اسکے ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ اکاؤنٹ تک رسائی نہیں دی جائے گی۔

b. اگر کسٹمر ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ PINs کو بھول جاتا ہے تو یہ بینک کی طرف سے بیان کردہ "پاسورڈ کی تبدیلی کے طریقہ کار" کے ذریعہ اپنا پاسورڈ تبدیل کر سکتا / کر سکتی ہے۔

119. کسٹمر متفق ہے اور ضمانت دیتا ہے کہ ڈجی بینک انٹرنیٹ بینکنگ یا کسی متعلقہ سروس کو کسی غیر قانونی یا نامناسب مقاصد کے لئے استعمال نہیں کرے گا۔ جسکے لئے کسٹمر متفق ہے کہ یقینی بنائے گا کہ:

a. بینک کو ایسی معلومات اور / یا معاونت فراہم کرے گا جو بینک کو ایگریمنٹ کے تحت سروسز کی انجام دہی اور / یا کسی دوسری ذمہ داری کو انجام دینے کے لئے مطلوب ہو۔

b. یہ کسی بھی وقت کسی شخص کو بینک کے پاس موجود اکاؤنٹس کی تفصیلات بشمول پاس ورڈز، اکاؤنٹ نمبر اور ATM / ڈیبٹ کارڈ نمبرز فراہم نہیں کرے گا۔

120. کسٹمر متفق ہے کہ وہ کسی ایسی ای میل / خط / SMS کا جواب نہیں دے گا جس میں اسکی لاگ ان ID، موبائل نمبر، لاگ ان PIN اور FPIN / MPIN کے بارے میں دریافت کیا گیا ہو۔ بینک اس معاہدہ کی کسی خلاف ورزی کی صورت میں ہونے والے کسی مالی خسارے کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔

121. کسٹمر فیسیلٹی کے تحت فراہم کی گئی سروسز سے متعلق معلومات / ترمیمات سے متعلق خود کو اپ ڈیٹ رکھے گا جو کہ اجازت شدہ ٹرانزیکشن کے تواتر اور حدود کو شامل ہے جسکو ویب سائٹس اور برانچز پر مشتہر کیا جائے گا۔ اگر کسٹمر ایسا کرنے میں ناکام رہے تو بینک اسکا ذمہ دار نہ ہو گا۔

122. کسٹمر تمام نقصانات کا ذمہ دار ہو گا اگر اس نے یہاں ذکر کردہ شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی ہو گی یا تعاون کیا ہو یا غافلانہ اقدامات کی وجہ سے یا کسٹمر کی طرف سے مناسب وقت میں بینک کو اسکے اکاؤنٹ تک اجازت کے بغیر کسی کی رسائی ہونے کی اطلاع دینے میں ناکامی کی وجہ سے

نقصان ہوا ہو۔

123. کسٹمر، بینک سے رابطہ کر کے فیسیلٹی کو ختم کرنے کی درخواست کر سکتا ہے۔ اس فیسیلٹی سے قطع نظر، منسوخی کی کسی ایسی درخواست کی تصدیق سے پہلے کسٹمر کے اکاؤنٹ میں کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز کا کسٹمر جوابدہ رہے گا۔

124. بینک اپنی صوابدید پر کسٹمر کو پیشگی نوٹس دیئے بغیر کسی بھی وقت جزوی یا کلی طور سے فیسیلٹی کو عارضی طور سے واپس لے سکتا ہے یا ختم کر سکتا ہے۔ یہ فیسیلٹی کسی مینٹی ننس یا مرمت کے کام کی وجہ سے یا کسی ایمرجنسی کی صورت میں یا سیکیورٹی کی وجہ سے معطل کی جا سکتی ہے۔ بینک فیسیلٹی کی واپسی یا خاتمے کے لئے معقول نوٹس دینے کی کوشش کرے گا البتہ اگر یہ اقدام سیکیورٹی یا ایمرجنسی کی وجوہات سے کیا ہو تو بینک اسکا ذمہ دار نہ ہو گا۔

125. بینک اس صورت میں بھی پیشگی نوٹس دیئے بغیر فیسیلٹی کے تحت سروسز کو ختم یا معطل کر سکتا ہے جبکہ کسٹمر نے شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کا ارتکاب کیا ہو جو بینک نے لاگو کی ہیں یا کسٹمر کی موت کو بینک کے علم میں لایا گیا ہو۔

126. بینک کی طرف سے پیش کردہ سروسز بینک کے شیڈول آف چارجز (SOC) میں ذکر کردہ چارجز سے مشروط ہیں جس پر وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی جاسکتی ہے اور نظر ثانی شدہ / تازہ ترین SOC کی اطلاع کر دی جائیگی۔ مزید یہ کہ کسٹمر مذکورہ بالا سروسز اور / یا ایسے ائیر ٹائم یا دیگر چارجز کی ادائیگی کا پابند ہے جو الرٹس کے موصول ہونے کی وجہ سے ٹیلکو یا بینک کی طرف سے کسٹمر پر عائد کئے جاسکتے ہیں۔ اس صورت میں کہ سروسز کے استعمال کی وجہ سے کسٹمر سے کوئی ادائیگی مطلوب ہو تو بینک اپنے پاس موجود کسٹمر کے اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرنے کا اختیار رکھے گا تاہم کسی صورت میں کہ کسٹمر چارجز کی ادائیگی نہیں کرتا اور نہ ہی اسکے اکاؤنٹ میں مناسب رقم موجود ہے تو بینک کسی پیشگی نوٹس کے دیئے بغیر سروسز کو معطل کرنے کا حق رکھتا ہے۔

**متفرقات**

127. اگر بینک کے قابو سے باہر وجوہات کی وجہ سے بروقت چیک وصول نہ کیا جاسکے تو بینک اسکی ذمہ داری قبول نہیں کریگا تاہم چیکس کی وصولی میں تاخیر یا گم شدگی کی صورت میں بینک فوری طور سے اسکے حل کے متعلق ضروری اقدامات کرے گا۔

128. کسٹمر کی طرف سے ڈپازٹ شدہ چیکس یا دیگر قابل انتقال انسٹرومنٹس جنکو مسترد کر دیا گیا ہو، بذریعہ ڈاک یا خصوصی قاصد، کسٹمر کو بینک کے پاس موجود اسکے آخری پتہ پر متعلقہ کسٹمر کے رسک اور خرچہ پر واپس کئے جاسکیں گے۔

129. میں / ہم یہاں متفق ہیں کہ بینک کو میری / ہماری تحریری درخواست پر "جسکو بینک اپنی صوابدید پر قبول کرنے یا مسترد کرنے کا اختیار رکھے گا" اضافی اکاؤنٹس کھول سکتا ہے جنکو اسی انداز میں اور انہی افراد کے ذریعے استعمال کیا جائے گا جو میرے / ہمارے نام کھولے گئے اصل اکاؤنٹ کے کسٹمر ریلیشن شپ فارم میں مجاز ٹھہرائے گئے ہیں۔

130. بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر میرے / ہمارے کسی یا تمام اکاؤنٹس کو اسکی کسی برانچ میں منتقل کر سکتا ہے اور خالصتہً اپنی صوابدید پر یہاں کسی وجہ کو بیان کئے بغیر یا قانون یا ضابطہ کے تحت یا عدالتی حکمنامہ، انتظامی حکم یا کسی اور وجہ سے مجھے / ہمیں پیشگی نوٹس دیئے بغیر اور اعتماد شکنی، ذمہ داری یا فرض سے پہلو تہی کے کسی رسک، ذمہ داری / کا مستوجب ہوئے بغیر، میرے / ہمارے کسی یا تمام اکاؤنٹس کو بند، نشان زد، منجمد، لین دین کو معطل کر سکتا ہے۔

131. اگر بینک کسی قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کی طرف سے کوئی تحریری نوٹس / ہدایت یا عدالت کی جانب سے کوئی حکمنامہ، "لاکر" کے متعلق وصول کرتا ہے تو بینک، "لاکر" کے آپریشن کو روکنے / معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

132. پتہ میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع بینک کو دی جائے گی۔ ڈاک خانہ اور ترسیل کے دیگر ایجنٹس کو تمامتر خطوط، قابلِ انتقال انسٹرومنٹس، زر کی ترسیل میں اکاؤنٹ ہولڈر کا ایجنٹس سمجھا جائے گا اور میں / ہم واقف ہیں کہ بینک، کسی بے احتیاطی، غلط ڈیلیوری، ڈیلیوری میں تاخیر، ڈیلیوری نہ ہونے، خلل، بگاڑ، ٹوٹ پھوٹ، کمی، خیانت، خرد برد، نقصان اور چوری، کسی طرح کی کوتاہی یا غلطی کی ذمہ داری کو قبول نہیں کرے گا جو یہاں پاکستان پوسٹ / کوریئر کے ملازمین، مجاز نمائندوں / ایجنٹس یا ڈیلیوری کے دوسرے ایجنٹس سے انکی خدمت، فرائض، افعال، ذمہ داریوں کو انجام دینے کے دوران سرزد ہوئی ہوں جو کہ خطوط، دستاویزات، قابل انتقال انسٹرومنٹس، ترسیل زر وغیرہ اور میری / ہماری درخواست پر بذریعہ ڈاک بھیجی جانے والی چیک بک کے صفحات کی کمی کو بھی شامل ہیں۔

133. بینک، کسٹمر کی موجودہ معلومات اور ہدایات پر اعتماد کرنے کا مجاز ہو گا جب تک مذکورہ بالا کوائف میں تبدیلی کو تحریری طور سے بینک کے علم میں نہ لایا جائے اور بینک اسکو تسلیم نہ کر لے۔

134. میں / ہم قبول کرتے ہیں کہ بینک کی طرف سے مجھے / ہمیں شریعت کے مطابق کسی فیسیلٹی یا دیگر لوازمات کی فراہمی کو بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر قبول یا مسترد کر سکتا ہے۔ ایسی فیسیلٹی یا لوازمات کو جاری رکھنا یا دستبردار ہونا بھی خالصتہً بینک کی اپنی صوابدید پر ہو گا۔

135. میں / ہم کسی بھی اسلامک فیسیلٹی کے تحت واجب الاداء رقم کے جوابدہ ہیں جو کسی بھی اکاؤنٹ کے تعلق سے حاصل رہی ہو اور بینک کسی بھی اکاؤنٹ سے اسکی وجہ سے عائد تمام یا کوئی بھی کمیشن اور دیگر بینکنگ چارجز، لاگتیں اور اخراجات (بشمول قانونی اخراجات کے) اس شرح پر ڈیبٹ کرنے کا مجاز ہے جو بینک خالصتہً اپنی صوابدید پر وقتاً فوقتاً متعین کرے گا۔ میں / ہم بینک کو یہ رقم اس طریقے کے مطابق اور ایسے وقت پر ادا کریں گے جیسا کہ بینک کو خالصتہً اپنی صوابدید پر مطلوب ہو گا۔

136. مجھ / ہمیں بینک کی طرف سے شریعت کے مطابق کسی بھی بینکنگ فیسیلٹی کی فراہمی کے دوران اکاؤنٹس میں کریڈٹ کی گئی کسی یا تمام رقم کو بینک سب سے پہلے شریعت کے مطابق بینکنگ فیسیلٹی کے واجب الاداء ڈیوز کو منہا کرنے میں صرف کریگا جب تک یہ ڈیوز مکمل طور سے ادا نہیں ہو جاتے اس کے بعد ہی کریڈٹ شدہ رقم ایسی کسی اسلامک بینکنگ فیسیلٹی کی اصل رقم کو منہا کرنے میں استعمال کی جائے گی۔

137. بینک کسی بھی صورت میں اپنے اکاؤنٹس میں کسی گھاٹے، قدر کی کمی، خلل، کمی، عدم تغیر پذیری، عدم منتقلی، خسارے اور رقوم کی عدم دستیابی کا مجھے / ہمیں جوابدہ اور ذمہ دار نہیں ہو گا جو کہ ٹیکسز، محصولات، ڈیوٹیز، قرقی، تخفیف زر، شرح تبادلہ میں اتار چڑھاؤ یا کسی ایسے عامل کی وجہ سے ہو گا جو بینک کے قابو سے باہر ہو۔

138. بینک دستی یا IT سسٹم سے ہونے والی رقوم کے غلط اور نادرست اندراج کو درست کر سکتا ہے جو کسٹمر کو کوئی غیر مناسب نقصان دیئے بغیر ہو گی۔ ایسی درستگی سے متعلق بینک، کسٹمر کو آگاہ کرے گا۔

139. شیڈول آف چارجز میں کمپنیوں سے متعلق فراہم کردہ سروسز کے چارجز میں بینک ترمیم کر سکتا ہے۔

140. بینک، مجھے / ہمیں کسی نقصان، ٹوٹ پھوٹ یا تاخیر کی نسبت سے ذمہ دار نہ ہو گا جو کہ گورنمنٹ، گورنمنٹ ایجنسی کے عمل یا ترک عمل کی وجہ سے ہو یا کسی ایسی صورتحال کی وجہ سے ہو جو بینک کے قابو سے باہر ہو۔ جس میں ہڑتالیں، صنعتی کاروائی، سامان کا فقدان اور بجلی کی فراہمی میں تعطل داخل ہے مگر اسی میں محدود نہیں ہے۔

141. کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ فون بینکنگ فیسیلٹی کے ذریعے یا کسی متبادل چینل کے ذریعے حاصل کی گئی تمام پروڈکٹس / سروسز کی درخواستوں پر ان پروڈکٹس / سروسز / درخواستوں کی شرائط و ضوابط لاگو ہیں جنہیں کسٹمر پڑھنے اور سمجھنے کا اقرار کرتا ہے۔ یہ شرائط و ضوابط کسٹمر پر لازمی ہیں۔

142. کسٹمر تمام سروسز کے مکمل بینک چارجز ادا کرنے کی ضمانت دیتا ہے جسکو وقتاً فوقتاً یہ منظور / حاصل کر سکتا ہے / کر سکتی ہے۔ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ موجودہ شرح پر اپنے تمام چارجز / فیسز کو کسی بھی وقت کسٹمر کے اکاؤنٹ سے وصول کر لے۔ اکاؤنٹ میں ناکافی رقم موجود ہونے کی صورت میں بینک عارضی یا مستقل طور سے اپنی تمام سروسز کو معطل کرنے اختیار رکھتا ہے۔

143. بینک اختیار رکھے گا کہ قواعد کے تحت بینک کے حقوق اور ذمہ داریوں اور بینک کے نام کسی سیکیورٹی (جو کہ گارنٹی کو بھی شامل ہے) کو کلی یا جزوی طور سے بینک کے منتخب کردہ کسی تیسرے شخص کو فروخت، منتقل، سپرد کر دے جو اس طریقہ کار اور قواعد وضوابط کے مطابق ہو گا جسکو بینک طے کر سکتا ہے۔ ایسی کوئی فروخت، منتقلی یا سپردگی، کسٹمر اور دیگر تمام افراد پر لازمی ہو گی۔

144. ایسی صورت میں کہ کسٹمر کسی ادائیگی کو روکنے / سروس کو منقطع کرنے کی ہدایات جاری کرے تو بینک تصدیق / توثیق کے لئے تحریری ہدایات دینے اور / یا مزید معلومات فراہم کرنے کا مطالبہ کر سکتا ہے۔ ایسی ہدایات موصول ہونے کے ایک گھنٹے کے اندر بینک ان پر عملدرآمد کریگا۔ مذکورہ بالا معلومات / ہدایات کے موصول ہونے کے وقت کا تعین اور تصدیق صرف بینک کی جانب سے کی جائے گی اور یہ تعیین کسٹمر پر لازمی اور حتمی ہو گی۔

145. کسٹمر تمامتر ضروری احتیاطیں اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ملحوظ رکھے گا کہ یہاں کوئی غلطی اور خرابی نہیں ہے اور بینک کو فراہم کردہ معلومات ہمہ وقت غلطی سے پاک، صحیح، درست اور مکمل ہیں۔ دوسری طرف کسی شخص کی غلطی کی وجہ سے کسٹمر کے اکاؤنٹ میں غلط کریڈٹ ہونے کی صورت میں بینک کو کسی بھی وقت کسٹمر کی رضامندی کے بغیر غلط کریڈٹ کو واپس کرنے کا اختیار ہو گا۔ کسٹمر بینک کو جوابدہ ہو گا اور ذمہ دار ہو گا اور بینک کی ہدایات کو قبول کرنے اور اسپر عمل پیرا رہنے پر رضامند ہے جو کہ اس غلطی کے نتیجہ میں کسٹمر کی طرف سے رقم کے کسی ناجائز یا غیر منصفانہ نفع کی واپسی سے متعلق ہوں گی۔ بینک کی طرف سے ایسی واپسی سے متعلق کسٹمر کو اطلاع دی جائے گی۔

146. بینک کو یہ اختیار ہے کہ سروسز کے استعمال کی تعداد اور طریقہ کار، رقم نکالنے کی حد، استعمال کے گھنٹے اور موجودہ ٹرانزیکشن کی اقسام، فیسیلیٹیز اور سروسز کو کسی وقت بھی تبدیل کر دے۔ بینک یہ حق بھی محفوظ رکھتا ہے کہ معیادی بنیاد پر شیڈول آف چارجز کی تجدید کرے اور مروجہ شیڈول آف چارجز کے مطابق کسٹمر کے اکاؤنٹ کو ڈیبٹ کر سکتا ہے۔

### اکاؤنٹ / باہمی تعلق کا خاتمہ

147. بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ خالصتاً اپنی صوابدید پر اور کسٹمر کو مطلع کر کے یا مطلع کئے بغیر اکاؤنٹ کو بند کر دے جو بینک کی نظر میں غیر تسلی بخش طریقہ کے مطابق استعمال کیا جا رہا ہو یا کسی اور وجہ سے بند کر دے خواہ کوئی سی بھی ہو کسٹمر کو اس اکاؤنٹ کی بندش کی کسی وجہ کا اظہار کئے بغیر۔ بینک کو یہ بھی اختیار ہے کہ دوسری قسم کے کسی تعلق کو ختم کر دے مثلاً لاکرز، کارڈز وغیرہ

148. بینک، کسٹمر کو واجب الاداء ایسے اکاؤنٹ کے کریڈٹ بیلنس کے بقدر رقم کو اس اکاؤنٹ کی کرنسی کے بینک ڈرافٹ کی شکل میں بینک کے پاس موجود کسٹمر کے آخری پتہ پر ارسال کر کے بند کئے گئے اکاؤنٹ سے متعلق اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہو جائے گا۔ ماسوائے اس کٹوتی کے جو کسی ایسے دعوی کی وجہ سے ہو جسکا دعوی بینک اس رقم پر کریڈٹ بیلنس کی تشکیل کی وجہ سے کر سکتا ہے۔

149. اکاؤنٹ بند ہونے پر کوئی بھی غیر استعمال شدہ چیک، کارڈ اور اکاؤنٹ سے متعلق لاکر کی چابی / چابیاں، کسٹمر فوراً بینک کو واپس کر دے گا۔ بصورت دیگر بینک کے اطمینان کے لئے لازماً تحریری تصدیق کی جائے کہ غیر استعمال شدہ چیکس اور متعلقہ کارڈ تلف کر دیئے گئے ہیں۔

150. بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی ذمہ داری کے عائد ہوئے بغیر، کسٹمر اور کسٹمر کے اکاؤنٹ سے متعلق استثنائی اور غیر معمولی حالات، صورتحال، ٹرانزیکشنز میں بڑھوتری میں خالصتاً اپنی صوابدید پر کسٹمر کو مطلع کرکے یا مطلع کئے بغیر فوری طور سے اکاؤنٹ کے آپریشنز کو بند یا معطل کردے جب تک کہ یہ صورتحال اور معاملہ بینک کے اطمینان کی حد تک حل نہ ہو جائے اور اس میں کسٹمر کے بارے میں سمجھا جائے گا کہ وہ بینک کو اسکی اجازت دے چکا ہے۔

**معلومات کا افشاء**

a.151 کسٹمر متفق ہے کہ بینک اور اسکے کنٹریکٹرز اسکی ذاتی معلومات اور اکاؤنٹ سے متعلق دیگر تمام تر معلومات کو کمپیوٹر میں محفوظ کرسکتے اور زیر عمل لاسکتے ہیں۔ جو تجزیے، کریڈٹ اسکورنگ اور مارکیٹنگ، اسٹیٹ منٹ کی تیاری اور دیگر مقاصد کے لئے ہوگا۔

b. کسٹمر اس سے بھی متفق ہے کہ بینک پوری احتیاط کو ملحوظ رکھتے ہوئے ضرورت کے تحت، دیگر اداروں کو ان ذاتی معلومات کا افشاء کرسکتا ہے جو کہ اس میں محدود کئے بغیر، قانونی حکمنامہ کی تعمیل، ریگولیٹری اتھارٹی کی درخواست کی تکمیل کرتے ہوئے کسی ٹیلی کمیونیکیشن یا الیکٹرونک کلیئرنگ نیٹ ورک میں شمولیت کی ضرورت کو مشتمل ہے جو کسی معروف کریڈٹ اسکورنگ ایجنسی کی طرف سے کریڈٹ ریٹنگ یا کسی دھوکہ دہی سے تحفظ کے مقاصد کے لئے ہوگا۔

**معلومات کا افشاء[ فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (FATCA) ]**

a.152 میں / ہم یہاں وضاحت کرتے ہیں کہ فراہم کردہ تائیدی دستاویزات، اکاؤنٹ کھولنے کے طریقہ کار کے لئے ضروری ہیں۔ میں / ہم امریکی ہونے کی حیثیت سے اپنے اکاؤنٹ کے لئے دستاویزی عمل سے متفق ہیں۔

b. میں / ہم یہاں مزید تصدیق کرتے ہیں کہ میری / ہماری جانب سے فارم W-9، فارم W-8 BEN، فارم W-8 BEN-E میں پر کردہ تمام معلومات درست سچ، صحیح، مکمل ہیں اور بینک کے عملہ کے سامنے میں / ہم نے دستخط ثبت کئے ہیں۔ میں / ہم یہاں تصدیق کرتے ہیں کہ میری / ہماری طرف سے فراہم کردہ، جمع کردہ دستاویزات اور معلومات کی بنیاد پر بینک نے میری / ہماری FATCA حیثیت کی تشخیص کی ہے اور انکو بینک کے ریکارڈ اور بعد آزاں سسٹمز میں اپ ڈیٹ کرلیا ہے۔

c. میں / ہم یہاں ضمانت دیتے ہیں کہ صورتحال میں کوئی بنیادی تبدیلی ہونے کی صورت میں جو میرے / ہمارے امریکی فرد ہونے / FATCA کی حیثیت کو متاثر کررہی ہو تو میں / ہم فوراً اس تبدیلی سے متعلق بینک کو آگاہ کریں گے۔ اگر کسی صورت میں 90 دن کے اندر میری / ہماری طرف سے فی الفوران تبدیلیوں سے متعلق بینک کو آگاہ نہیں کیا گیا تو میں / ہم ذاتی طور سے ذمہ دار ہوں گے اور بینک کو کسی بھی نقصان، لاگتوں، اخراجات، قانونی چارجز سے محفوظ رکھیں گے۔ جو ایسی تبدیلی کے نتیجہ میں بینک پر عائد ہوں / برداشت کرنا پڑیں۔

d. میں / ہم متفق ہیں کہ میرا / ہمارا اکاؤنٹ کھلنے کے بعد اور بالآخر اگر میری / ہماری FATCA کی حیثیت میں کوئی تبدیلی ہو جائے اور میری / ہماری شناخت امریکی کے طور سے ہو جائے تو میں / ہم اپنی FATCA حیثیت کی تائید کے لئے بینک کو درکار / مطلوب تمام دستاویزات مہیا کریں گے۔ میں / ہم بینک کو میرے / ہمارے اکاؤنٹ کو بند کرنے کا اختیار بھی دیتے ہیں اگر میں / ہم، میری / ہماری FATCA کی حیثیت تبدیل ہو جانے کے 90 دن کے اندر یہ معلومات / دستاویز فراہم کرنے / جمع کروانے میں ناکام ہو جائیں۔

e. میں / ہم واقف ہیں کہ میری / ہماری فراہم کردہ معلومات / دستاویزات کی بنیاد پر بینک نے میرے / ہمارے اکاؤنٹ کی امریکی

فرد ہونے کی حیثیت سے درجہ بندی کی ہے۔ میں / ہم یہاں (پاکستان میں نافذ العمل مقامی قوانین سے مشروط) واضح طور سے بینک یا اسکے ذیلی اداروں (بشمول برانچز) کو اختیار دیتے ہیں کہ حسبِ ضرورت ملکی و غیر ملکی ٹیکس اتھارٹیز کو کسی بھی معلومات کا افشاء / فراہم کرسکتے ہیں جو فارن اکاؤنٹ ٹیکس اکاؤنٹ کمپلائنس ایکٹ (FATCA) یا کسی عدالت یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کے تحت مطلوب، کسی بھی دائرہ اختیار میں میری ٹیکس کی ذمہ داری کو مستحکم کے لئے درکار ہو، جہاں معلومات / دستاویزات کی فراہمی بینک کی ذمہ داری ہو گی۔

f. میری / ہماری طرف سے مندرجہ بالا فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر اگر میرے / ہمارے اکاؤنٹ کی درجہ بندی امریکی فرد ہونے کی حیثیت سے کی گئی تو میں / ہم یہاں (پاکستان میں نافذ العمل مقامی قوانین سے مشروط) واضح طور سے بینک اور اسکے ذیلی اداروں (بشمول برانچز کے) اختیار دیتے ہیں کہ IRS یا فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (FATCA) کی تعمیل کے لئے کسی مقامی ریگولیٹری باڈی کو مطلوب کوئی رپورٹ فراہم کردیں۔

**معلومات کا افشاء [کامن رپورٹنگ اسٹینڈرڈ (CRS)]**

153.a. میں / ہم تصدیق کرتے ہیں کہ میری / ہماری فراہم کردہ مندرجہ بالا معلومات درست، صحیح، ٹھیک اور مکمل ہیں۔ میں / ہم یہاں اقرار کرتے ہیں کہ فراہم کردہ تائیدی دستاویزات اکاؤنٹ کو کھولنے کے طریقہ کار کو مکمل کرنے کے لئے ضروری ہیں۔ میں / ہم، میرے / ہمارے اکاؤنٹ کے لئے درج بالا تحریر کردہ "ٹیکس ریزیڈینس اسٹیٹس" سے بھی متفق ہیں۔

b. میں / ہم یہاں مزید تصدیق کرتے ہیں کہ "ٹیکس ریزیڈینسی سیلف سرٹیفکیٹس فارمز" پر میری / ہماری طرف سے درج معلومات درست، صحیح، ٹھیک مکمل ہیں اور میں / ہم نے بینک ملازمین کے سامنے اس پر دستخط کئے ہیں۔ میں / ہم یہاں تصدیق کرتے ہیں کہ میری / ہماری فراہم کردہ، جمع کردہ دستاویزات اور معلومات کی بنیاد پر بینک نے میرے / ہمارے "ٹیکس ریزیڈینس اسٹیٹس" کی تشخیص کی ہے اور اسکو بینک کے ریکارڈز اور بعد ازاں سسٹم میں اَپ ڈیٹ کرلیا ہے۔

c. میں / ہم یہاں ضمانت دیتے ہیں کہ کسی بنیادی تبدیلی (تبدیلیاں) ہونے کی صورت میں جو کہ میرے / ہمارے "ٹیکس ریزیڈینس اسٹیٹس" کو متاثر کررہی ہوں، میں / ہم فوری طور سے ایسی کسی تبدیلی (تبدیلیوں) کے متعلق بینک کو مطلع کریں گے اور اگر کسی صورت میں، میں / ہم نے اس تبدیلی (تبدیلیوں) کی 30 دن کے اندر اطلاع نہ دی تو پھر خالصتاً میں / ہم ذمہ دار ہونگے اور تلافی کریں گے اور بینک کو کسی نقصان، لاگت، اخراجات، قانونی چارجز سے محفوظ رکھیں گے جو ایسی کسی تبدیلی کی وجہ سے بینک کو برداشت کرنا پڑے ہوں / عائد ہوئے ہوں۔

d. میں / ہم متفق ہیں کہ میرے / ہمارے اکاؤنٹ کے کھلنے کے بعد اور بالاخر اگر یہاں میرے / ہمارے "ٹیکس ریزیڈینس اسٹیٹس" میں کوئی تبدیلی ہو جائے اور میری / ہماری شناخت "رپورٹ ایبل پرسن" (Reportable person) کی حیثیت سے ہو جائے تو میں / ہم تمام دستاویزات فراہم کریں گے جو میرے "ٹیکس ریزیڈینس اسٹیٹس" کی تائید کے لئے بینک کو درکار / مطلوب ہوں گی۔ میں / ہم بینک کو میرے / ہمارے اکاؤنٹ کو بند کرنے کا بھی حق بھی دیتے ہیں بشرطیکہ میں / ہم، میرے / ہمارے CSR اسٹیٹس کی تبدیلی کے 30 دن کے اندر یہ معلومات / دستاویزات فراہم کرنے / جمع کرنے میں ناکام ہو جائیں۔

e. میں / ہم واقف ہیں کہ میری / ہماری فراہم کردہ معلومات / دستاویزات کی بنیاد پر بینک نے میرے / ہمارے اکاؤنٹ کی

"رپورٹ ایبل پرسن"(Reportable person) کی حیثیت سے درجہ بندی کی ہے۔ میں / ہم یہاں (پاکستان کے مقامی قوانین سے مشروط) بینک کو یا اس کے ذیلی اداروں کو (بشمول برانچز کے) واضح طور سے یہ اختیار دیتے ہیں کہ حسب ضرورت میری ٹیکس کی ذمہ داریوں کو کسی بھی دائرہ اختیار میں ثابت کرنے کے لئے مقامی یا غیر ملکی اتھارٹیز کو کسی معلومات کو فراہم کرے یا تبادلہ کرے جیسا کہ اکاؤنٹ کی معلومات کے تبادلہ کے بین الحکومتی معاہدات کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت یا کسی عدالت کو یا دیگر کسی مجاز اتھارٹی کو مطلوب ہو گا۔ جہاں کہ معلومات / دستاویزات کو حوالہ کرنا بینک کی ذمہ داری ہو گی۔

f. میری / ہماری مندرجہ بالا فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر اگر میرے / ہمارے اکاؤنٹ کی درجہ بندی "رپورٹ ایبل پرسن"(Reportable person) کی حیثیت سے کی گئی تو میں / ہم یہاں (پاکستان کے مقامی قوانین سے مشروط) بینک اور اس کے متعلقہ کسی بھی ذیلی اداروں کو (بشمول برانچز کے) واضح طور سے یہ اختیار دیتے ہیں کہ کسی رپورٹ کو فراہم کریں جو FBR یا کسی مقامی ریگولیٹری باڈی کو کامن رپورٹنگ اسٹینڈرڈ (CSR) کی تعمیل کے لئے مطلوب ہو۔

g. میں / ہم تصدیق کرتے ہیں کہ کسی صورت میں بھی بینک یا اسکے ملازمین کسی بلاواسطہ، بلواسطہ، حادثاتی، ذیلی نقصانات کے ذمہ دار نہ ہوں گے جو ہماری دی ہوئی معلومات پر اعتماد کے نتیجہ میں ہونگے۔

### اکاؤنٹ اسٹیٹ مینٹس

154. بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے طے کردہ تعداد / چارجز کے مطابق کسٹمر کو اکاؤنٹ کی اسٹیٹ منٹ ("اسٹیٹ منٹ") کاغذی اسٹیٹمنٹ یا ای-اسٹیٹمنٹ کی شکل میں شیڈول آف چارجز میں ذکر کردہ لاگت پر ارسال کرے گا۔ کسٹمر واضح طور سے تسلیم کرتا ہے کہ جہاں بینک ای-اسٹیٹمنٹ اسکے دیئے ہوئے ای میل ایڈریس پر بھیجتا ہے تو یہ اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ ای میل ڈیلیوری کو کچھ خطرات لاحق ہوسکتے ہیں مثلاً عدم ترسیل اور / یا کسی دوسرے پتہ پر ڈیلیوری اور کسٹمر یہاں بینک کے خلاف کسی بھی حق سے دستبردار ہوتا ہے اور یہ کہ بینک کے خلاف کوئی ذمہ داری عائد نہیں کرے گا۔

155. بینک، کسی بریک ڈاؤن، ناکامی، خرابی یا اکاؤنٹ کی الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ کی بلا اجازت ترسیل یا رسائی کا ذمہ دار نہ ہو گا اور / یا کسٹمر کی طرف سے بینک پر صراحتہ یا دلالۃ ،رازداری / خفیہ رکھنے کی ذمہ داری سے متعلق کوئی دعوی کیا جائیگا جو کہ کسٹمر کی بذریعہ ای میل اسٹیٹمنٹ ارسال کرنے کی درخواست کے نتیجہ میں ہو۔

156. بینک کسی بھی وقت کسی وجہ کو ظاہر کئے بغیر کسٹمر کو تحریری نوٹس ارسال کرکے اکاؤنٹ کی الیکٹرونک اسٹیٹمنٹ کے حکمنامہ کو منسوخ کرسکتا ہے۔

157. کسٹمر اکاؤنٹس کی اسٹیٹمنٹ میں موجود کسی خرابی کی اطلاع اس کے اجراء کی تاریخ سے 45 دن کے اندر کرسکتا ہے جسکے بعد بینک کی اسٹیٹمنٹ کو حتمی تصور کرلیا جائے گا۔

### نافذ العمل قانون

158. یہ شرائط وضوابط اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نافذ العمل اور باضابطہ قوانین سے مشروط ہیں اور اسکے مطابق عملدرآمد ہو گا جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور / یا صوبائی یا وفاقی حکومت اور دیگر کسی اتھارٹی یا ادارے کے تمام اعلانات، احکام، سرکولرز اور ضوابط کو مشتمل ہے اس بات کو

ملحوظ رکھتے ہوئے کہ یہ قوانین اسلامی شریعت کے بر خلاف نہیں ہوں گے۔ کسی مخالفت کی صورت میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ بورڈ یا بینک کے "شریعہ" کے حکم نامہ / ہدایات کے مطابق شریعت اسلامی کے اصولوں کو فوقیت ہو گی اور نافذ العمل قوانین کی تعمیل کے لئے مطلوب حد تک تجدید شدہ سمجھے کئے جائینگے۔

159. اکاؤنٹس اور دیگر متعلقہ سروسز ایک اسلامک بینکنگ کے وجود کی نمائندگی کریں گی لہذا کسٹمر تسلیم کرتا، قبول کرتا ہے اور یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے کہ اکاؤنٹس اور متعلقہ سروسز ایسی ٹرانزیکشنز کے لئے استعمال کی جائیں گی جو کہ شریعت اسلامی کے اصول کے بر خلاف، مکروہ اور منافی نہیں ہونگی جیسا کہ بینک کے "شریعہ" کی طرف سے وضاحت کی گئی ہے۔ اگر ایسی کوئی خلاف شریعت ٹرانزیکشن عمل میں لائی گئی تو بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر کسٹمر کے ساتھ اکاؤنٹ / بزنس کے تعلق کو منقطع کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

160. اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں درج شرائط وضوابط کی تشریح حتمی اور لازمی سمجھی جائے گی تاہم کسی اختلاف کی صورت میں معاملہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالہ کیا جائیگا اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا فیصلہ حتمی اور لازمی ہو گا۔

161. میں، ہم "اکاؤنٹ ہولڈر" یا" کسٹمر" میں فیصل اسلامک بینکنگ کے ساتھ کسی اکاؤنٹ کو استعمال کرنے والا ہر کسٹمر داخل ہے اور جہاں اکاؤنٹ کے تعلق سے کسی شخص کا ہدایات دینے کا مجاز ہونا درست ہے، اور جوائنٹ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں یا کوئی ایسا اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں جو انفرادی اکاؤنٹ کے علاوہ ہو، تمام اکاؤنٹ ہولڈرز یا دستخط کے مجاز افراد میں سے ہر ایک مشترک طور سے اور علیحدہ علیحدہ بینک کو جوابدہ ہو گا۔

## الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر فیسیلٹی EFT

162. EFT سروس کا استعمال ATM/ڈیبٹ کارڈ، انٹرنیٹ اور موبائل بینکنگ سروس کے ذریعے آپ کے اپنے اکاؤنٹ، بینیفشری اکاؤنٹ سے کسی اور FBL اکاؤنٹ یا کسی دوسرے بینک اکاؤنٹ میں رقم کو منتقل کرنے کے لئے ہے۔ کسٹمر مندرجہ ذیل ذرائع کے ذریعے فنڈز کی منتقلی کو انجام دے سکتا ہے۔

- ATM/ڈیبٹ کارڈ
- انٹرنیٹ بینکنگ
- فیصل ڈجی بینک موبائل ایپ

* لمٹس کے لیے ہماری ویب سائٹ www.faysalbank.com ملاحظہ کریں۔

163. اورٹجینٹنگ / بینیفشری AFIs موجودہ قانون کے مطابق صارف اپنے کسی بھی غیر مصدقہ ٹرانزیکشن، نقصان اور خسارے کی زرتلافی کی ادائیگی ذمہ دار ہوگا۔ جو کہ الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر سسٹم کی ناکامی کی وجہ سے ہوا ہو۔

164. اورٹجینٹنگ / بینیفیشری AFIs صارف کو زرتلافی ادا کرے گا خواہ اس کی طرف سے کسی طرح کا دعوی نہ کیا گیا ہو، زرتلافی کی ادائیگی، خرابی واقع ہونے کی وجہ کے تعین ہونے کے بعد 15 کاروباری ایام اندر کی جائے گی۔

165. اگر کسی صورت میں بینیفشری AFIs تاخیر کا ذمہ دار نہ ہو تو وہ زرتلافی کی ادائیگی کے لئے اورٹجینٹنگ PSPs/PSOs/AFIs سے رجوع کرسکتا ہے، جو بھی اس کا ذمہ دار ہو۔

166. اورٹجینٹنگ / بینیفیشری PSPs/PSOs/AFIs صارف کو زرتلافی کی ادائیگی کے ذمہ دار نہیں ہونگے جب کہ یہ واضع کردیں کہ ایسا کسی قدرتی آفت کی وجہ سے پیش آیا ہے۔

167. قدرتی سبب (امر خداوندی) کی صورت میں، اورٹجینٹنگ / بینفشری PSP /PSO/AFIs اپنے کنزیومر / ممبر بینکس کو حادثات کی اطلاع کریں گے۔

168. کسی صورت میں کہ الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر اسی دن مکمل نہ ہو تو کسٹمر سے اس کی برانچ سے رابطہ کرنے اور رابطہ سینٹر کو 606-060-111 پر اطلاع دے کر شکایت درج کروانے کی درخواست ہے۔

169. مندرجہ بالا ایسے تمام کیس حتمی فیصلے کے لئے RSBM کے حوالے کر دیئے جائینگے۔

## انکشاف کرنے کی شرائط (C) بروقت اختلاف کے حل کرنے کا طریقہ کار / خرابی کی اصلاح کا طریقہ کار

170. فیصل بینک کے تمام اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ان ذرائع (جیسے کال سینٹر، برانچز نیٹ ورک، الیکٹرونک ای میل) کا استعمال کرتے ہوئے فوری طور سے بینک کو ان واقعات کی شکایت درج کروائیں جہاں سسٹم کسی خرابی / ٹیکنیکل وجہ سے ان کی الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفرز کی درخواستوں (اندرون ملک بینک و بیرون ملک بینک) کو بینیفیشری بینک کے اکاؤنٹ میں منتقل نہ کیا گیا ہو بینک آپ کی شکایت کو درج کرے گا اور مانیٹرنگ و شکایت کے مقصد سے آپ کی شکایت / اختلاف کے بالمقابل سروس ریکویسٹ نمبر جاری کرے گا۔ رابطہ سینٹر سے 606-060-111 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

171. EFT سیٹلمنٹ لاگ کے اندراج کے بعد بینک SBP کی منظور شدہ ہدایات کے تحت متعلقہ بینیفیشری اکاؤنٹ ہولڈر کے بینک کے ساتھ تفتیشی عمل کا آغاز کرے گا کہ یا تو بینک کے بینفیشری اکاؤنٹ میں فنڈ کے منتقل ہو جانے کی تصدیق کرے گا یا بھیجنے والے کے اکاؤنٹ میں واپس منتقل کر دے گا۔

172. بینک ETF شکایت کے بالمقابل اکاؤنٹ ہولڈر کے رجسٹر رابطہ نمبر پر ریکارڈ لائن کے ذریعے یا خط کی مراسلت کے ذریعہ، مناسب جواب دینے کا بندوبست کرے گا جو شکایت کے اندراج کی تاریخ سے 10 کاروباری ایام کے اندر ہوگا۔

173. کسی دوسرے بینک کی جانب سے EFT کی شکایت موصول ہونے کی صورت میں، بینک 03 کاروباری ایام کے اندر فعال طریقے سے دستی پوسٹنگ کی جانے والی ٹرانزیکشن کی بروقت پوسینگ کو یقینی بنائے گا (جس کی شروعات دیگر بینکس کی جانب سے فیصل بینک بینفشری اکاؤنٹ میں کی گئی ہے)۔

174. اگر کسی صورت میں غلطی سے کسی دوسرے بینک کے بینیفشری اکاؤنٹ میں الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر ہو جائے تو شکایت کنندہ سے باقاعدہ تحریری درخواست درکار ہوگی۔ بہرحال فنڈز کی واپس وصولی خالصتاً دوسرے بینک کے بینیفیشری اکاؤنٹ ہولڈر کی تصدیق پر مبنی ہوگی۔

175. دھوکہ بازی پر مبنی تمام الیکٹرونک فنڈ ٹرانسفر کی درخواستیں / مسائل کو بینک کا فراڈ ڈپارٹمنٹ حل کرے گا جو کہ شکایت کنندہ کی جانب سے باقاعدہ درخواست کی وصولی کے بعد ہوگا۔

## کیش کلیکشن سروسز

176. بینک، کسٹمر سے اضافہ چارجز وصول کرنے کا حق رکھے گا جو کہ کیش کلیکشن سروس کی پیش کش کی شرائط وضوابط کو پورا کرنے کی وجہ سے عائد ہونگے۔

177. بینک اس صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا جب کہ (ایجنٹ سیکیورٹی سروس پرووائڈر) مقررتاریخ پر دین فراہم نہ کر سکے جس کی کسٹمر کی طرف سے درخواست کی گئی تھی۔

178. کسی اختلاف کی صورت میں جو کہ ایجنٹ کی رسید پر درج رقم، وصول کردہ اصل رقم میں فرق کی وجہ سے پیدا ہو یا اس پر کسی جعلی نوٹ یا بذات خود کسی بندوبست کی وجہ سے پیدا ہو تو بینک کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

## بینکنگ سروسز کی عمومی معلومات

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینک کے لئے طریق کاروبار کی راہنما ہدایات مقرر کی ہیں۔ بینکوں کے لئے کسٹمرز سے معاملہ کرتے ہوئے انکی اتباع بہترین عملی بینکاری کے معیارات کو متعین کرتی ہے۔

### 1. اکاؤنٹ کھولنے کا طریقہ کار

- FBL فیصل اسلامک بینکنگ میں نئے کسٹمرز یا موجودہ کسٹمرز کے لئے اکاؤنٹس کھولے جاسکتے ہیں۔ اکاؤنٹ پروڈکٹ کی قسم کی تعیین کسٹمر اپنی ضرورت کے مطابق کرتا ہے۔ انفرادی اکاؤنٹ کی صورت میں بینک کی طرف سے کسی اکاؤنٹ کو کھولنے سے پہلے مکمل شناخت / SNIC / CNIC کی شکل میں یا غیر ملکی ہونے کی صورت میں پاسپورٹ / ARC / POC/ NICOP کی شکل میں درکار ہوگی۔ جنکی بینک خود مختار حیثیت سے تصدیق کرے گا۔ اکاؤنٹ کو لازمی ذمہ داری کو پورا کرنے کے بعد کھول دیا جائے گا جس میں ویریسس (Verisys) اور بائیو میٹرک ٹیکنالوجی کے ذریعہ سے تصدیق کرنا داخل ہے۔ کسٹمر اکاؤنٹس کی مختلف اقسام کے لئے بینک کو مطلوب دیگر دستاویزات مثلاً فرد / ادارہ وغیر فراہم کرے گا۔ کسٹمر کو مشترک / ادارہ کا اکاؤنٹ کی صورت میں اسلوب عمل کو ذکر کرنا ہوگا۔ ہر اکاؤنٹ کا ایک مخصوص نمبر ہوگا جو اکاؤنٹ کے تعلق سے بینک کے ساتھ کی جانے والی تمام ترخط وکتابت میں ذکر کیا جائیگا۔

### 2. کسٹمرز کی معلومات خفیہ رکھنے کی بینک کی ذمہ داری

- بینک یا بیرونی انتظام کے لئے اسکے تھرڈ پارٹی کنٹریکٹرز اسکی ذاتی معلومات کو محفوظ رکھ سکتا ہے اور زیر عمل لا سکتا ہے اور کسٹمر کی معلومات کو خفیہ رکھنے کو یقینی بنائے گا، بینک کسٹمر کی ذاتی معلومات کا افشاء ریگولیٹری اتھارٹی کی درخواست پر اسکے لئے کر سکتا ہے۔

### 3. کمپلینٹ ہینڈلنگ

صارفین کو کسی قسم کی شکایت ہو تو وہ:

- فیصل بینک کی قریبی برانچ پر جائیں۔
- کمپلینٹ مینجمنٹ یونٹ، 6th فلور، فیصل ہاؤس، ST-02، شاہراہ فیصل پر میل کریں۔ کراچی، پاکستان۔
- customercare@faysalbank.com پر ای میل کریں۔
- 021-32800014 پر فیکس کریں۔
- 0310-1786786 پر واٹس ایپ کریں۔
- فیصل بینک سوشل میڈیا پلیٹ فارمز
- بینکاری افسر کو 06-06-06-111 پر فون کرسکتا/ کرسکتی ہے

### 4. اکاؤنٹ سے متعلق کسٹمر کے حقوق اور ذمہ داریاں

- رقم ڈپازٹ کروانے والا کسٹمر بینکنگ کے گھنٹوں کے دوران (کسی چارجز / فیسنز / ٹیکسز کے ساتھ) یا ATM کے ذریعہ دستیاب رقوم کی حد تک رقم نکلوانے کا حق رکھتا ہے۔ کسٹمر اپنے اکاؤنٹس کے بیلنس اور ہونے والی ٹرانزیکشنز سے متعلق پوچھنے کا حق رکھتا ہے۔ کسٹمر اپنے اکاؤنٹ پر نافذ العمل فیس اور چارجز کو معلوم کرنے کا حق رکھتا ہے۔ یہ کسٹمر کی ذمہ داری ہے کہ بینک کو اپنے رابطہ نمبر / پتہ کی تفصیلات سے بروقت آگاہ کرے۔ نئے شناختی کارڈ کی کاپی یا کوئی اہم دستاویزات جمع کروائے۔ شیڈول آف چارجز کی مزید تفصیلات کے لئے براہ کرم ہماری ویب سائٹ کو دیکھئے۔ www.faysalbank.com/en/islamic/

### 5. اکاؤنٹس کی اقسام اور آپریشنز

#### کرنٹ اکاؤنٹ

- کرنٹ اکاؤنٹ ان کسٹمرز کے لئے قرض کی بنیاد پر کھولا جاتا ہے جو بینک کے ساتھ مستقل بنیادوں پر معاملات کو انجام دینا چاہتے ہیں۔ کرنٹ

اکاؤنٹ میں رقم کو کسی بھی وقت کوئی نوٹس دیئے بغیر جمع کروایا اور نکلوایا جاسکتا ہے۔ ادھر فیصل اسلامک بینکنگ کی طرف سے فیصل اسلامک کرنٹ اکاؤنٹس پر کسی نفع کو ادا کرنے کی کوئی پیشکش نہیں ہے۔ فی الحال فیصل اسلامک بینکنگ کرنٹ اکاؤنٹس کی مختلف اقسام کی پیشکش کرتی ہے۔ اسلامک کرنٹ اکاؤنٹس پروڈکٹ مینو کی تفصیلات اسلامک برانچز میں دستیاب ہیں اور ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ فیصل اسلامک بینکنگ کرنٹ اکاؤنٹس سے زکوۃ کی کٹوتی نہیں ہوگی تاہم نافذ العمل قانون کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس یا کوئی اور ٹیکس / ڈیوٹی عائد ہوسکتی ہے۔

### سیونگ اکاؤنٹ

- سیونگ اکاؤنٹ کی پیشکش مضاربہ کے طریقہ کے بندوبست کے تحت نفع و نقصان کی تقسیم (PLS) کی بنیاد پر ہے۔ بینک مضارب کی حیثیت سے خالصتاً اپنی صوابدید پر کسٹمر کے ڈپازٹس کو شریعت کے مطابق طریقوں مثلاً اجارہ، مرابحہ، مشارکہ وغیرہ میں استعمال کرنے یا نہ کرنے کا اختیار رکھے گا۔ یہ اکاؤنٹ کی وہ قسم ہے جس پر منافع کی ادائیگی اوسط بیلنس کی بنیاد پر کی جاتی ہے جسکا بندوبست ادائیگی کی رفتار کے حساب کے مطابق ہوتا ہے۔ جسکو پروڈکٹ کے تحت واضح کیا گیا ہے۔ بینک کی طرف سے منافع کا اعلان، بینک کے "شریعہ" کی طرف سے دیئے گئے مروجہ قواعد / شریعت کی رہنماہدایات، وقتاً فوقتاًدی گئی SBP کی ہدایات اور بینک کی اپنی پالیسز کے مطابق کرے گا۔ اعلان کردہ نفع کی شرح اور اسلامک سیونگ اکاؤنٹس پروڈکٹ مینو، برانچز میں دستیاب ہے اور ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ زکوۃ اور ودہولڈنگ ٹیکس قانون کے مطابق عائد ہیں۔

### 6. نفع کی ادائیگی

- نفع کی ادائیگی اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مروجہ قواعد / ہدایات کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کے بعد کی جائیگی اور اس میں پیشگی نوٹس کے بغیر تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ کرنٹ اکاؤنٹس پر کسی نفع کی ادائیگی نہیں ہوگی خواہ مقامی کرنسی میں ہوں یا غیر ملکی کرنسی میں ہوں۔

  نوٹ: موجودہ مروجہ نفع کی ادائیگی کی تعداد اور حساب کتاب، فیصل بینک شیڈول آف چارجز میں دیئے گئے ہیں۔

### 7. جمع کروانا اور نکلوانا

- اکاؤنٹ میں جمع کروائی گئی کوئی بھی رقم صحیح طور سے پر کردہ ڈپازٹ سلپ کے ساتھ ہونی چاہیے جس میں نام، کریڈٹ کئے جانے والے اکاؤنٹ کا نمبر اور ڈپازیٹر کے دستخط ظاہر ہوں۔ ایسی ڈپازٹ کردہ رقوم کو لازماً صرف کیش کاؤنٹر کے ذریعہ حاصل کیا جائے گا اور بینک الیکٹرونک ذریعے سے توثیق کرے گا۔ کسٹمر چیک کو جمع کرواکر بینک کے کاؤنٹر سے رقم نکلوا سکتا ہے یا ATM کارڈ پر درج مقررہ حد تک بذریعہ ATM رقم نکلوا سکتا ہے۔

### 8. بینک کے بے باقی کرنے کے حقوق

- اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کسی نادہندگی کی صورت میں کسٹمر کو 30 دن پہلے نوٹس دیکر بینک اسلامک فسیلیٹیز کے تمام قرضوں / ذمہ داریوں کی وصولی کے لئے استحقاق (Lien)، چارج کا حق اور بے باقی کرنے کا حق رکھے گا۔

### 9. زکوۃ کی کٹوتی

- زکوۃ جہاں عائد ہوگی تو نصاب طے ہونے کی تاریخ پر ان اکاؤنٹس سے مستثنیٰ حد سے زائد رقم ہونے کی صورت میں اس مخصوص سال کی زکوۃ کاٹ لی جائے گی۔
- زکوۃ سے مستثنیٰ حد کا بیان بینک کے پاس مخصوص پروفارما پر نصاب طے ہونے کی تاریخ سے ایک مہینے پہلے مندرج ہوگا یا جیسے بھی زکوۃ کے قواعد

وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں گے۔ زکوۃ کی کٹوتی، زکوۃ اور عشر آرڈننس 1980 کے مطابق کی جائے گی۔

## 10. اکاؤنٹ بند کرنے کے تقاضے

- اکاؤنٹ بند کرنے پر کسٹمر، اکاؤنٹ سے متعلق ہر / کوئی بھی غیر استعمال شدہ چیک، کارڈ اور لاکر کی چابی (چابیاں) لازماً فوری طور سے بینک کو واپس کرے گا اور اکاؤنٹ کا بیلنس صفر ہو جائے گا۔ بصورت دیگر تحریری طور سے بینک کے اطمینان کی حد تک لازمی تصدیق کی جائیگی کہ غیر استعمال شدہ چیکس ضائع کئے جا چکے ہیں۔

## 11. معطل اور غیر دعویدار ڈپازٹس

- کرنٹ اور سیونگ اکاؤنٹس جن میں پچھلے ایک سال کے دوران کسی صارف نے ٹرانزیکشن (ڈیبٹ یا کریڈٹ) یا کوئی اور سرگرمی (جیسے ڈیجیٹل چینلز کے ذریعے لاگ ان) نہیں کی ہے تو ایسے اکاؤنٹس کو غیر فعال یا ان آپریٹو اکاؤنٹ کے طور پر درجہ بندی کیا جائے گا۔

- غیر فعال اکاؤنٹس کو کسی بھی تصدیق شدہ میڈیم کے ذریعے صارف کی جانب سے باضابطہ درخواست موصول ہونے پر دوبارہ فعال کیا جائے گا، بشمول ان کی موبائل بینکنگ ایپلیکیشنز، انٹرنیٹ بینکنگ پورٹلز، ATM، کال سینٹرز، سرفیس میل، ای میل، رجسٹرڈ موبائل یا لینڈ لائن نمبر وغیرہ۔

- ڈیبٹ ٹرانزیکشن / کیش نکالنے کی اجازت اس وقت تک نہیں ہوگی جب تک کہ اکاؤنٹ ایکٹیویٹ نہ ہو۔ البتہ، لین دین جیسے کہ قرضوں اور مارک اپ وغیرہ کی وصولی کے تحت ڈیبٹ، کوئی بھی قابل اجازت بینک چارجز، کسی بھی قانون کے تحت یا عدالت سے جاری کردہ سرکاری ڈیوٹی یا لیویز اور ہدایات ڈیبٹ یا کیش نکالنے کی پابندی کے تابع نہیں ہوگی۔

- دس سال کے عرصہ میں کوئی ٹرانزیکشن نہ ہونے اور کسٹمر کی طرف سے اکاؤنٹ کی کسی اسٹیٹمنٹ کا مطالبہ نہ ہونے کی صورت میں اسکو غیر دعویدار ڈپازٹس قرار دیکر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سپرد کیا جائے گا۔ کسٹمر مصدقہ دستخط اور مدعی کی مصدقہ CNIC کی کاپی کے ساتھ رقم واپس کرنے کی اصل درخواست پیش کر کے ان رقوم پر دعوی کر سکے گا جبکہ کسٹمر کی وفات ہو جانے کی صورت میں سکسیشن سرٹیفکیٹ پیش کیا جائیگا۔

## 12. چیکس

- چیکس، درج ذیل معلومات جیسے

1. تاریخ 2. وصول کنندہ کا نام اور 3. رقم 4. مجاز فرد کے دستخط کے ساتھ، تحریری شکل میں ہونگے۔

چیک بیرون شہر سے جمع ہونے کی صورت میں جمع ہونے کی تاریخ سے دوسرے کاروباری دن میں قابل ادائیگی ہو گا۔ چیک مفوضہ شاخ سے اسی دن قابل ادائیگی ہو سکتا ہے جبکہ رقم =/100,000 روپے یا اس سے زائد ہو اور قابل ادائیگی بینک NIFT کی بیان کردہ پانچ کلو میٹر کی مسافت کے اندر واقع ہو۔

- اندورن شہر کلیئرنگ میں 3 کاروباری ایام درکار ہیں اور اسکے چارجز کو فیصل اسلامک بینکنگ شیڈول آف چارجز میں ذکر کر دیا گیا ہے جو فیصل اسلامک بینکنگ کی برانچز اور ویب سائٹ پر دستیاب ہے

- جہاں ایک چیک کراس کیا جائے تو عام طور سے اس پر Account Payee کے الفاظ دو متوازی لکیروں کے درمیان درج ہوتے ہیں۔ اسکو عام طور سے چیک کو کراس کرنا سمجھا جاتا ہے۔ کراس شدہ چیک عام طور سے کراس ہونے ساتھ Account Payee کہلاتا ہے۔

- جب کسی چیک کو Account Payee کے الفاظ کے ساتھ کراس کیا جائے تو یہ قابلِ انتقال نہیں رہے گا اور چیک وصول کرنے والے بینکار کا فریضہ ہو گا کہ اسکی رقم صرف اس وصول کنندہ کے اکاؤنٹ میں منتقل کرے جسکا نام چیک پر درج ہے۔

- Not Negotiable چیکس کو نا قابل انتقال سمجھا جائے گا اور یہ ایک اکاؤنٹ کے دوسرے اکاؤنٹ میں منتقل نہیں ہو سکتے۔

- یا حامل ہذا (or Bearer) کے چیک سے مراد ہے کہ اس چیک کی رقم وہ شخص وصول کر سکتا ہے جسکے قبضہ میں یہ چیک ہے۔

- بینک خالصتاً اپنی صوابدید پر، رقم کی ادائیگی روکنے کی کسی درخواست پر کوئی چارج لگا سکتا ہے اور یہ اختیار رکھے گا کہ ایسے چارج کی رقم کو کسٹمر کے اکاؤنٹ سے وصول کر لے۔

- کسٹمر کی طرف سے جمع کردہ چیکس یا دیگر قابلِ انتقال انسٹرومنٹس جو کہ دستخط کے فرق، رقوم نہ ہونے، چیک کے بعد از تاریخ ہونے وغیرہ کی وجہ سے مسترد کر دیئے گئے ہوں۔ انکو کسٹمر کو واپس لوٹایا جا سکتا ہے۔

13. مشترکہ اکاؤنٹ کا استعمال

- جہاں ایک اکاؤنٹ کا استعمال کسی بھی ایک مجاز شخص کے دستخط سے ہو تو کسی بھی کسٹمر کی تحریری ہدایات قابلِ قبول ہوں گی اور دیگر کسٹمرز کو پابند کرنے والی ہوں گی۔

- جب اکاؤنٹ کو دو یا زیادہ افراد کے نام پر کھولا گیا ہو تو اس میں کسی وقت بھی کریڈٹ کی جانے والی رقم تمام کسٹمرز کی مشترکہ ہو گی یہ افراد مشترکہ طور سے اور علیحدہ علیحدہ، اکاؤنٹ اور سروسز پر عائد تمام ذمہ داریوں کے جوابدہ ہوں گے۔

- اگر اکاؤنٹ کو دو یا زیادہ افراد کے نام پر اس طرح کھولا گیا ہو کہ اکاؤنٹ کا استعمال کسی ایک کے ذریعے یا مشترکہ طور سے ہو سکتا ہو تو کوئی بھی کسٹمر اکاؤنٹ کو چلا سکتا ہے اور وہی اکاؤنٹ اور سروسز پر عائد تمام ذمہ داریوں کا جوابدہ ہو گا۔

14. اکاؤنٹس کی ڈیجیٹل آن بورڈنگ

- کسٹمر کو اکاؤنٹس کھولنے کے لیے ڈیجیٹل آن بورڈنگ کی پیش کش اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی وقتاً فوقتاً دی جانے والی ہدایات کے مطابق ہو گی۔

- کسٹمر کو ڈیجیٹل آن بورڈنگ کی پیش کش پروڈکٹ سے متعلق بینک کی طے کردہ اہلیت کی بنیاد پر کی جائے گی جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اکاؤنٹ کھولنے کے مجوزہ طریقہ کار کی تکمیل سے مشروط ہو گی۔

- کسٹمر کو ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے ذریعہ سے بینکاری سروسز اور اکاؤنٹ کی سہولیات میسر ہونگی جو بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً متعارف کرائی جانے والی شرائط وضوابط سے مشروط ہونے کے ساتھ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات، متعلقہ ریگولیشن، سرکیولیٹرز کے مطابق ہوں گی۔

- کسٹمر اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے ذریعے اکاؤنٹس کھولنے کے لیے بینک کو فراہم کردہ معلومات اور دستاویزات تصدیق شدہ اور درست ہیں۔ کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ کسی تضاد یا غلط معلومات کی صورت میں، قانونی چارہ جوئی کے لیئے ذمہ دار ہوگا اور بینک کی داخلی پالیسیوں اور نافذ قوانین کی روشنی میں بینک قانونی کارروائی کا مجاز ہوگا۔

- لاگو ہونے والے ان شرائط وضوابط کے ساتھ، کسٹمر اس بات کا اقرار کرتا ہے اور ڈیجیٹل آن بورڈنگ کے ذریعے بینک کی جانب سے پیش کی جانے والی بینکاری سے متعلق سہولیات، اکاؤنٹ، اور سروسز پر لاگو ہونے والی شرائط وضوابط کا پابند ہے۔

Urdu Terms and Conditions are available at Faysal Bank branches and on our website www.faysalbank.com/en/islamic/

اُردو شرائط و ضوابط فیصل بینک کی برانچ اور ہماری ویب سائٹ /www.faysalbank.com/en/islamic پر دستیاب ہے۔

## شرائط وضوابط کی قبولیت اور وضاحتیں

میں / ہم وضاحت کرتے ہیں کہ میں / ہم بینک کی شرائط و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور یہاں قبولیت پر دستخط کر کے اسکے پابند ہونے پر متفق ہیں۔ میں / ہم فارم اور شرائط وضوابط کی ڈپلیکیٹ کاپی وصول کرنے کی تصدیق کرتے ہیں۔ میں / ہم مزید متفق ہیں کہ ان عمومی شرائط وضوابط میں فیصل بینک لمیٹڈ، فیصل اسلامک بینکنگ کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترامیم اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ کسی اصول، ہدایات اور سرکولر کی بھی پابندی کریں گے اس بات کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ ہمیں 30 دن پہلے ان سے مطلع کر دیا جائے گا۔ میں / ہم متفق ہیں کہ اضافی فیسیلٹیز کی منظوری کے لئے فیصل بینک لمیٹڈ، فیصل اسلامک بینکنگ کو درکار تمام دستاویزات فراہم کریں گے۔

Customer Name کسٹمر کا نام

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Customer Signature & Stamp Required کسٹمر کے دستخط اور مطلوبہ مہر (اگر کمپنی/ ادارہ ہے)
(If Company / Organization)

Customer Name کسٹمر کا نام

| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

Customer Signature & Stamp Required کسٹمر کے دستخط اور مطلوبہ مہر (اگر کمپنی/ ادارہ ہے)
(If Company / Organization)

## اکاؤنٹ کھولنے والے افسر کی تصدیق

میں نے یہ اکاؤنٹ اوپننگ فارم اور مطلوبہ دستاویزات کا جائزہ لیا ہے اور تصدیق کرتا/ کرتی ہوں کہ تمام دستاویزات مطلوبہ معیار کے مطابق ہیں اور فوٹو کاپیاں اصل دستاویزات کے مطابق ہیں۔ میں جہاں پر قابلِ اطلاق ہے، درخواست گزار (درخواست گزاروں) کی شناخت اور متعلقہ کاغذات کی توثیق کرنے کی بھی تصدیق کرتا/ کرتی ہوں اور سرپرست کی شناخت بھی اصل شناختی دستاویزات دیکھ کر کی جاتی ہے۔

میں توثیق کرتا/ کرتی ہوں کہ FATCA/CRS جائزے بھی میں نے ہی لیے ہیں اور درخواست گزار کی جانب سے اکاؤنٹ اوپننگ فارم میں اور KYC پروسیس کے دوران فراہم شدہ معلومات کے ذریعے دوبارہ بھی تصدیق کی ہے اور ان میں کوئی بھی تضاد نہیں پایا۔ میں مزید تصدیق کرتا/ کرتی ہوں کہ دستخط شدہ اور FATCA/CRS کے مکمل دستاویزات تمام درخواست گزاروں سے حاصل کر لیے گئے ہیں اور ''US Indicia Checks اور FATCA/CRS'' کے سیکشن اور ہر درخواست گزار کی درجہ بندی دستاویزات کے مطابق کر لی گئی ہے اور اکاؤنٹ کا اسٹیٹس اوپر درج کر دیا گیا ہے۔

RM Signature RM کے دستخط

---

**For Bank Use Only صرف بینک کے استعمال کے لیے**

Documents Checked by دستاویزات کی جانچ پڑتال کرنے والے افسر کا نام ____________________

Initial Deposit ابتدائی ڈپازٹ ____________________

Marketed by and Code Number فروخت کنندہ کا نام اور کوڈ شمار/نمبر ____________________

Segment شعبہ ☐ Retail ریٹیل ☐ Corporate کارپوریٹ ☐ Commercial کمرشل ☐ Agriculture زرعی

Authorized for Opening of Account BM / OM : اکاؤنٹ کھولنے کے لیے مجاز برانس مینیجر/آپریشنز مینیجر کا نام ____________________

Date تاریخ ☐☐ ■ ☐☐ ■ ☐☐☐☐

## مطلوبہ دستاویزات Documents Required

### انفرادی/بلاشرکت غیر، پروپرائٹر Individual / Sole Proprietor

- ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/پاسپورٹ کی قانوناً قابل تصدیق شدہ کاپی (پاکستان میں رہائش پذیر غیر ملکی ہونے کی صورت میں ایسی تصدیق شدہ کاپی جس پر ویلڈ (Valid) ویزا موجود ہو) اور فارم QA-22 جو کہ صرف LCY اکاؤنٹس کیلئے درکار ہے (بینک کے ملازمین کی طرف سے تصدیق کے لئے اصل درکار ہے)
- دو پاسپورٹ سائز تصاویر، دائیں اور بائیں انگوٹھے کا نشان (اس صورت میں کہ کوئی شخص ان پڑھ ہو یا اسکے دستخطوں میں یکسانیت نہ ہو)
- CNIC تصاویر نہ ہونے کی صورت میں درج ذیل مزید دستاویزات درکار ہیں
  - ڈرائیونگ لائسنس، سروس کارڈ، نکاح نامہ، پیدائشی سرٹیفکیٹ، تعلیمی ڈگری/سرٹیفکیٹ، پینشن بک، انشورنس سرٹیفکیٹ سے کسی ایک کی تصدیق شدہ کاپی۔
  - گزیٹڈ آفیسر/ناظم/ایڈمنسٹریٹر/بینک کے FTE آفیسر سے تصدیق شدہ ایک تصویر۔
  - تصویر کے بغیر CNIC کی تصدیق شدہ کاپی جسکا تصدیق کنندہ شخص وہی ہو جس نے تصویر پر تصدیق کی ہے۔
  - تنخواہ دار شخص ہونے کی صورت میں آجر (Employer) کی طرف سے تصدیق نامہ کی تصدیق شدہ کاپی (پروپرائٹر اور
- پارٹنرشپ کی صورت میں اس پر NTN موجود ہو) یا سروس کارڈ یا تازہ ترین سیلری سلپ۔
- سیلف امپلائڈ انفرادی اکاؤنٹس کیلئے آمدنی/ذریعہ آمدنی کا ثبوت جو موجودہ کاروبار کو متعین کر رہا ہو۔
- دستوری دستاویزات نہ ہونے کی صورت میں چھوٹے پیمانہ پر کاروبار/پروپرائٹر کیلئے موجودہ کاروبار کا کوئی بھی ثبوت جو کہ کیش میمو اور تعارفی کارڈ وغیرہ کو شامل ہے مگر اسی تک محدود نہیں ہے۔

### نابالغ بچے کے اکاؤنٹس کی صورت میں In Case of Minor Account

- ب فارم کی واضح کاپی (نادرا کی جاری کردہ)، پیدائشی سرٹیفکیٹ (بینک کے ملازمین کی تصدیق کیلئے اصل درکار ہے) یا اسٹوڈنٹ آئی ڈی کارڈ (جیسے مناسب ہو)۔
- سرپرست کے ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/پاسپورٹ کی قانوناً قابل تصدیق شدہ کاپی (پاکستان میں رہائش پذیر غیر ملکی ہونے کی صورت میں ایسی تصدیق شدہ کاپی جس پر ویلڈ (Valid) ویزا موجود ہو) اور فارم QA-22 جو کہ صرف LCY اکاؤنٹس کیلئے درکار ہے (بینک کے ملازمین کی طرف سے تصدیق کیلئے اصل درکار ہیں)
- جہاں بالغ فرد، نابالغ کا قانونی سرپرست نہ ہو تو عدالتی حکمنامہ درکار ہوگا۔

### بلاشرکت غیر، پروپرائٹر(ز) اکاؤنٹ Sole Proprietor Account

- لیٹر ہیڈ پر اکاؤنٹ کو کھولنے کی درخواست، جو مہر کے ساتھ ہو۔
- بینک کے فارمیٹ کے مطابق بزنس لیٹر ہیڈ پر پروپرائٹر شپ کی ڈیکلریشن، جو مہر کے ساتھ ہو۔
- سیلز ٹیکس رجسٹریشن یا NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی
- ٹریڈ باڈیز کا تصدیق نامہ یا ممبر شپ کا ثبوت وغیرہ (جہاں قابل اطلاق ہو) رجسٹرڈ کاروبار کیلئے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ
- دیگر کوئی دستاویزات (اگر درکار ہوں)

### پارٹنرشپ Partnership

- تمام پارٹنرز کی قانوناً قابل قبول ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/ پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی (پاکستان میں رہائش پذیر غیر ملکی ہونے کی صورت میں ایسی تصدیق شدہ کاپی جس پر ویلڈ (Valid) ویزا موجود ہو) اور فارم QA-22 جو کہ صرف LCY اکاؤنٹس کیلئے درکار ہے (بینک کے ملازمین کی طرف سے تصدیق کیلئے اصل درکار ہے)
- پارٹنرشپ ڈیڈ کی تصدیق شدہ کاپی جس پر تمام پارٹنرز کے دستخط ہوں (رجسٹرڈ پارٹنرشپ ڈیڈ ہونے کی صورت میں متعلقہ رجسٹرار/دفتر سے انڈورسڈ ہو)
- رجسٹرار آف فرمز کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپی (رجسٹرڈ پارٹنرشپ ڈیڈ ہونے کی صورت میں متعلقہ رجسٹرار/دفتر سے انڈورسڈ ہو)
- پارٹنرشپ کا مختار نامہ، ترجیحی طور سے لیٹر ہیڈ پر درکار ہے جو پارٹنرز کے ذریعے اکاؤنٹ کے استعمال کے طریقہ کار کو بیان کر رہا ہو۔
- NTN سرٹیفکیٹ (جہاں دستیاب ہو)
- دیگر دستاویزات (اگر درکار ہوں)

### لمیٹڈ کمپنی/کارپوریشنز Limited Company/Corporations

- درج ذیل کی تصدیق شدہ کاپیاں:
- اکاؤنٹ کے کھولنے سے متعلق بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد جو اکاؤنٹ کو کھولنے اور استعمال کے مجاز فرد (افراد) کو متعین کر رہی ہو۔ (فرد واحد کمپنی پر لاگو نہیں ہے)؛
- ایسوسی ایشن کا میمورینڈم:
- ایسوسی ایشن کے آرٹیکلز (جہاں قابل اطلاق ہو)؛
- انکارپوریشن سرٹیفکیٹ
- کاروبار کی شروعات کا SECP سے رجسٹرڈ ڈیکلریشن جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت مطلوب ہے اور
- ڈائریکٹرز کی فہرست (فہرستیں) جو کمپنیز ایکٹ 2017 تحت ترتیب دی گئی ہو۔ جہاں قابل اطلاق ہو۔
- تمام ڈائریکٹرز کے ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/یا پاسپورٹ (ویلڈ ویزا کے ساتھ) کی تصدیق شدہ کاپیاں۔
- فارم 29 پر تمام ڈائریکٹرز کی فہرست جو SECP سے تصدیق شدہ ہو۔
- فارم A/فارم B پر ڈائریکٹرز کی فہرست جو کہ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت جاری ہوا ہے جہاں قابل اطلاق ہو۔
- NTN (اگر دستیاب ہو)
- کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر ڈائریکٹرز کی فہرست (فارم A29 پر موجود تفصیلات کی تصدیق کیلئے اور کسی تبدیلی کی صورت میں کمپنی سے نظر ثانی شدہ فارم A29 کی فراہمی کی درخواست کیلئے) دستخط کنندگان کے دستخطوں کے ساتھ کمپنی کی مہر ثبت کی جائے گی۔
- کمپنی/کارپوریشن میں 20% یا زائد اسٹاک رکھنے والے (IR کلائنٹس کی صورت میں 10% یا زائد) تمام شیئر ہولڈرز افراد (Natural Persons) کے ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/یا پاسپورٹ (ویلڈ ویزا کے ساتھ) کی تصدیق شدہ کاپیاں۔
- 20% یا زائد کے بقدر شیئرز کے حامل اشخاص قانونی (Legal Persons) کیلئے مزید دیگر کسی متعلقہ دستاویز کیساتھ جو انکارپوریشن سرٹیفکیٹ کو شامل ہے اس شخص قانونی (Legal Persons) میں 20% یا زائد اسٹاک کے شیئر ہولڈرز افراد کی شناختی دستاویزات جیسے ARC/POC/NICOP/SNIC/CNIC/یا پاسپورٹ (ویلڈ ویزا کے ساتھ) کاپیاں۔
- دیگر کوئی دستاویزات (اگر درکار ہوں)

### ٹرسٹ/ کلب/ سوسائٹی/ ایسوسی ایشن/ این جی اوز/ خیراتی ادارے Trust/Club/Society/Association/NGOs/Charities

- اکاؤنٹ کھولنے اور اکاؤنٹ کو استعمال کرنے کے مجاز افراد کیلئے گورننگ باڈی/بورڈ آف ٹرسٹیز/ مجلس منتظمہ "جبکہ یہ بنیادی گورننگ باڈی ہو" کی قرارداد۔
- فیصل بینک میں اکاؤنٹ کھولنے کیلئے ادارہ کے لیٹر ہیڈ پر اکاؤنٹ کو کھولنے کی درخواست۔
- رجسٹریشن سرٹیفکیٹ/ٹرسٹ کی دستاویزات کی تصدیق شدہ کاپی۔
- بائی لاز یا اصول وضوابط کی تصدیق شدہ کاپی۔
- تمام مجاز افراد کا دستخط شدہ ضمانت نامہ کہ اکاؤنٹ کے مجاز افراد کی فہرست میں تبدیلی کی صورت میں بینک کو اسکی اطلاع دی جائیگی۔
- مجاز افراد اور گورننگ باڈی/بورڈ آف ٹرسٹیز/ مجلس منتظمہ "جبکہ یہ بنیادی گورننگ باڈی ہو" کے ARC/POC/NICOP/CNIC یا پاسپورٹ (ویلڈ ویزا کے ساتھ) کی تصدیق شدہ کاپیاں۔
- رجسٹرڈ ادارہ کی کسٹمر فزیکل ویری فیکشن رپورٹ (CPVR) اور کاروبار کا مرکزی مقام۔
- این جی اوز/این پی اوز/ خیراتی اداروں کیلئے کوئی دستاویز جو ضروری معلوم ہو جو کہ اسکے سالانہ اکاؤنٹس/فنانشل اسٹیٹمنٹ یا کسی طریقے سے بھی وضاحت کو مشتمل ہے جو کہ انکی سرگرمیوں، ذرائع اور رقوم کے استعمال کی تفصیلات کو معلوم کرنے میں معاون ہوسکتی ہوں تا کہ متوقع کسٹمر کی رسک پروفائل (نقصان کے پہلو) کا اندازہ ہوسکے۔
- تمام مجاز دستخط کنندگان کی طرف سے ضمانت نامہ کہ مجاز دستخط کنندگان میں کسی تبدیلی کی صورت میں فوری طور سے بینک کو مطلع کیا جائیگا۔
- بنیادی کنٹرول، مقصد اور رقوم کے استعمال وغیرہ پر تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کا دستخط شدہ ضمانت نامہ۔
- تمام بورڈ آف ڈائریکٹرز کا دستخط شدہ ضمانت نامہ کہ اکاؤنٹ کے استعمال کے دوران کنٹرول یا ملکیت میں کسی تبدیلی کی اطلاع بینک کو دی جائیگی۔
- دیگر کوئی دستاویزات (اگر درکار ہوں)

## Branch Copy of Customer Receipt of CRF
## ریلیشن شپ فارم کی وصولی کی کسٹمر کی جانب سے رسید برائے برانچ

faysalbank

Customer Name کسٹمر کا نام ____________________

Branch Name برانچ کا نام ____________________

Branch Code برانچ کا کوڈ ________

Date تاریخ ____________

Time وقت ________

Name & Designation نام اور عہدہ ____________________

Receiver's Signature وصول کرنے والے کے دستخط

Bank's Stamp بینک کی مہر

Customer's Signature کسٹمر کے دستخط

**Note:** Opening of the account will be subject to the policies of the bank.

قابل توجہ: کھاتہ/اکاؤنٹ کا کھولنا بینک کی پالیسیوں سے مشروط ہے۔


## Branch Copy of Customer Receipt of CRF
## ریلیشن شپ فارم کی وصولی کی کسٹمر کی جانب سے رسید برائے برانچ

faysalbank

Customer Name کسٹمر کا نام ____________________

Branch Name برانچ کا نام ____________________

Branch Code برانچ کا کوڈ ________

Date تاریخ ____________

Time وقت ________

Name & Designation نام اور عہدہ ____________________

Receiver's Signature وصول کرنے والے کے دستخط

Bank's Stamp بینک کی مہر

Customer's Signature کسٹمر کے دستخط

**Note:** Opening of the account will be subject to the policies of the bank.

قابل توجہ: کھاتہ/اکاؤنٹ کا کھولنا بینک کی پالیسیوں سے مشروط ہے۔